آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ 12 جون 2020ء بمطابق 19 شوال 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 159

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	07:27

(سلوگن) کرونا وائرس کے پھیلنے میں تیزی ایک نازک مرحلے میں داخل ہونے کی نشاندہی ہے ایسی صورتحال میں زیادہ سے زیادہ شعور اور بیداری کا مظاہرہ ہماری قومی و دینی ذمہ داری ہے۔

بھارت نے حماقت کی تو منہ توڑ فی الفور جواب دیں گے

شاہ محمود قریشی

خطے کے تمام ممالک بھارت سے نالاں ہیں، بھارتی حکمران پاکستان کو سافٹ ٹارگٹ سمجھتے ہیں لیکن پاکستان سافٹ ٹارگٹ نہیں، ہم بھارت کی بربریت کے خلاف آواز اٹھاتے رہیں گے

ہمیں احتیاطی تدابیر کو اپناتے ہوئے بحیثیت قوم اس وبا کو شکست دینا ہوگی، کرونا وائرس کے پھیلاؤ پر قابو پانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں' شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بھارتی حکمران پاکستان کو سافٹ ٹارگٹ سمجھتے ہیں لیکن پاکستان سافٹ ٹارگٹ نہیں، ہم بھارت کی بربریت کے خلاف آواز اٹھاتے رہیں گے، بھارت نے حماقت کی تو منہ توڑ، بھرپور اور فی الفور جواب دیں گے۔ اہمیت شاہ اور نریندر مودی بتائیں لداخ میں کیا ہو رہا ہے؟ بھارت کا میڈیا کیوں خاموش ہے؟ خطے کے تمام ممالک بھارت سے نالاں ہیں، پاکستان خطے میں امن و استحکام کا خواہاں ہے، ہم اطمینان امن عمل کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ ہم تو اپنا دفاع اللہ کے کرم سے کر لیں گے، آپ لداخ پر جواب

جریدہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان پاکستان ریلویز کی تنظیم نو میں پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

جس صوبے میں ایس او پیز پر عملدرآمد نہیں ہوگا وہ مکمل بند کر دیا جائیگا

وزیراعظم

آئندہ چند روز میں کورونا سے اموات بڑھیں گی، عوام ایس او پیز پر عمل کریں، طبی عملے کیلئے خصوصی پیکیج لا رہے ہیں، ڈاکٹرز اور طبی عملہ اپنے کام کو جہاد سمجھ کر کریں

اگلے ماہ کورونا کی صورتحال عروج پر جا سکتی ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں، اللہ کا شکر ہے ہمارے مغرب سے بہتر حالات ہے۔ 70 سالوں میں پاکستان میں ہیلتھ سسٹم پر خرچ نہیں کیا گیا

کورونا کے آغاز میں ٹیسٹنگ کی صرف 2 لیبارٹریز تھیں اب 107 ہیں، وینٹی لیٹرز 2800 سے 4800، آئی سی یو بیڈز 600 سے 1300 جبکہ آکسیجن بیڈز کی تعداد میں بھی دو ہزار بیڈز کا اضافہ کیا گیا، عمران خان کی سرکاری ٹی وی پر گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے باعث آئندہ چند روز کے دوران پاکستان میں اموات بڑھیں گی جبکہ ایس او پیز کی خود نگرانی کروں گا، جس صوبے میں ایس او پیز پر عملدرآمد نہیں ہوگا ایکشن لیں گے اور مکمل بند کر دیا جائے گا، عوام ڈیوٹی سمجھ کر ایس او پیز پر عمل کریں اور دوسروں کی جانیں بچائیں، طبی عملے کے لئے خصوصی پیکیج لا رہے ہیں، کورونا کے آغاز میں ٹیسٹنگ کی صرف 2 لیبارٹریز تھیں اور صرف 500 ٹیسٹوں کی روزانہ کی بنیاد پر گنجائش تھی جو اب 107 لیبارٹریز ہیں جو 12 لاکھ ماہانہ بنتی ہے۔ وینٹی لیٹرز 2800 سے 4800، آئی سی یو بیڈز 600 سے 1300 جبکہ آکسیجن بیڈز کی تعداد میں بھی دو ہزار بیڈز کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ایس او پیز پر عملدرآمد کی براہ راست نگرانی کروں گا، عمل نہ

جریدہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ اقتصادی سالی سروے 20-2019 پیش کر رہے ہیں

حکومت نے اب تک بجٹ پر اپوزیشن سے کوئی مشاورت نہیں کی، آنے والا بجٹ کرونا زدہ ہوگا' سراج الحق

عوام بجٹ سے پہلے جتنے پریشان ہیں اس سے زیادہ بجٹ آنے کے بعد ہوں گے، آج کے دن تک ملک کے طول و عرض میں پٹرول نہیں مل رہا

دن حکومت کی ناکامی کا ایک نیا مظہر پیش کرتا ہے، ابھی تک سیکنڈل حل نہیں ہوا تھا کہ پٹرول کا بحران سامنے آ گیا، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ حکومت نے اب تک بجٹ پر اپوزیشن سے کوئی مشاورت نہیں کی۔ آنے والا بجٹ کرونا زدہ ہوگا۔ عوام بجٹ سے پہلے جتنے پریشان ہیں اس سے زیادہ بجٹ آنے کے بعد ہوں گے۔ آج کے دن تک ملک کے طول و عرض میں پٹرول نہیں مل رہا۔ ہر دن حکومت کی ناکامی کا ایک نیا مظہر پیش کرتا ہے۔ ابھی تک سیکنڈل حل نہیں ہوا تھا کہ پٹرول کا بحران سامنے آ گیا۔ حکومت کے ترقی اور تبدیلی کے تمام

جریدہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے وزیراعلیٰ بلوچستان کا ٹیلی فونک رابطہ

بلوچستان کے نئے تجویز کردہ منصوبے سمیت وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے منصوبوں کی شمولیت سے متعلق امور پر بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان سے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے ٹیلی فونک گفتگو کی ہے جس میں وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے منصوبوں کی شمولیت سے متعلق امور پر بات چیت کی گئی۔ وزیراعظم کی جانب سے تعاون دہانی

جریدہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

ملک میں کورونا وباء کے مریضوں میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے، ثناء اللہ خان زہری

ملک میں وسائل کم وباء میں اضافہ ہو رہا ہے ایسے موقع پر عوام کو احتیاط اور بتائے گئے تدابیر پر عمل کرنا ہوگا، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

خضدار (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ ملک میں کورونا وباء کے مریضوں میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے، ملک میں وسائل کم جب کہ اس وباء میں کافی

جریدہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں تیزی سے پھیلتا کورونا وائرس اب صوبے کے وزراء اور اراکین اسمبلی تک بھی پہنچ گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں تیزی سے پھیلتا کورونا وائرس اب صوبے کے وزراء اور اراکین اسمبلی تک بھی پہنچ گیا۔ بلوچستان کے تین وزیر اور تین اراکین اسمبلی بیماری میں مبتلا ہو گئے۔ بلوچستان میں کورونا وائرس صوبے کے 29 اضلاع تک پہنچ گیا ہے۔ اب تک تقریباً سات ہزار افراد اس میں مبتلا ہوئے ہیں

جریدہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

جلد پاکستان دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہوگا جو ٹرانسپورٹ کو بجلی پر منتقل کر سکیں گے، فواد چوہدری

بجلی چارج کی بجلی الیکٹرک وہیکل پالیسی منظور کر لی گئی، پالیسی کے تحت موٹر سائیکل، گاڑیوں کو بجلی پر منتقل کیا جائے گا، وفاقی وزیر کا اعلان

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ جلد پاکستان دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہوگا جو ٹرانسپورٹ کو بجلی پر منتقل کر سکیں گے، بجلی چارج کی بجلی الیکٹرک وہیکل پالیسی منظور کر لی گئی، پالیسی کے تحت موٹر سائیکل اور گاڑیوں کو

جریدہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی مسئلہ فلسطین پر او۔آئی۔سی کے غیر معمولی ورچوئل اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے جمعرات کے روز ٹیلی فونک رابطہ کیا اور دونوں رہنماؤں میں وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے منصوبوں کی شمولیت سے متعلق امور پر بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ نے وزیراعظم کو اس حوالے سے بلوچستان کے موقف سے آگاہ کیا، وزیراعظم

جریدہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ سریاب پولیس نے 6 چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سریاب پولیس نے 6 چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار

جریدہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

پنجگور میں گاڑی کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور سراوک سی پیک روڈ پر ریاض گاڑی کی ٹکر سے دو موٹر سائیکل سوار جاں بحق جبکہ

جریدہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ کیچل فارم کے حدود سے خاتون کی گولیاں لگی لاش برآمد

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) پولیس تھانہ کیچل فارم کے حدود سے خاتون کی گولیاں لگی لاش برآمد ہوئی ہے

جریدہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

لورالائی میں نوجوان ڈیم میں ڈوب کر جاں بحق

لورالائی (این این آئی) لورالائی کے علاقے زنگیوال کدوزئی کا نوجوان عمیر خان ولد دولت خان

جریدہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم عمران خان کی بھارت کو احساس کیش پروگرام کے تبادلے کی پیشکش

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کورونا سے متاثرہ ایک کروڑ خاندانوں کو

جریدہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

اسلام آباد ہائی کورٹ نے شاہ خاقان عباسی کی حفاظتی ضمانت کی درخواست غیر مؤثر ہونے پر نمٹا دی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے شاہد خاقان عباسی کی حفاظتی ضمانت کی درخواست غیر

جریدہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

کم آمدن والے افراد کے ذاتی گھروں میں مدد کیلئے 30 ارب روپے رکھے گئے، مشیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ حفیظ شیخ نے کہا ہے کہ کم آمدن والے افراد کے ذاتی

جریدہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کا شہباز شریف کو ٹیلیفون، صحت بارے آگاہی حاصل کی

لاہور (این این آئی) بری فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد شہباز شریف

جریدہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

تمام اضلاع میں برابری کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبے رکھے ہیں

ترجمان حکومت بلوچستان

10 مارچ کو بلوچستان میں کورونا کا پہلا کیس سامنے آیا تھا اس دن سے لیکر آج تک حکومت کورونا کے تدارک کیلئے اقدامات کر رہی ہے

حکومت لوگوں میں شعور و آگاہی کیلئے مہم چلا رہی ہے' متحدہ اپوزیشن ایم پی اے کی گرفتاری بارے من گھڑت کہانی پر عوام سے معافی مانگے، لیاقت شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ متحدہ اپوزیشن کو ایم پی اے کی گرفتاری سے متعلق من گھڑت کہانی پر عوام سے معافی مانگنی چاہیے ان کی سیاست اوچھی نظر آ رہی ہے حکومت بلوچستان وزیراعلیٰ جام کمال کی قیادت میں صوبے کی تعمیر و ترقی کیلئے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے پندرہ دنا پندرہ والا کا سلسلہ ختم کر کے حکومت نے تمام اضلاع میں برابری کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبے رکھے ہیں یہ فیصلہ عوام نے کرنا ہے کہ وہ صنعت لاک ڈاؤن چاہتے ہیں یا حکومتی ایس او پیز پر عمل سے عملدرآمد کر کے ہم نے عوام کو کورونا سے بچانے کیلئے معمول کی زندگی کو بھی رواں دواں رکھنا ہے

جریدہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

وفاقی بیوروکریسی کی عینک میں بلوچستان نظر نہیں آتا' سیاسی جماعتیں

بلوچستان کے میگا منصوبوں کی وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کے حوالے سے ہمیں اعتماد میں نہیں لیا گیا

گر بلوچستان کو اس کا جائز حق نہ دیا گیا تو بلوچستان عوامی پارٹی اور اتحادی وفاقی بجٹ میں ووٹ نہیں دیگی' بلوچستان کے میگا منصوبوں کی وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کے حوالے سے ہمیں اعتماد میں نہیں لیا گیا تو ہم اپنے راہیں حکومت سے جدا کر سکتے ہیں بلوچستان کے ساتھ روز اول سے یہی ناروا سلوک روا رکھا جاتا رہا ہے وفاقی بڑے بھائی کا کردار ادا کرتے ہوئے بلوچستان کی محرومیوں اور پسماندگی کو ملحوظ خاطر رکھ کر وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے زیادہ سے زیادہ منصوبوں کو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سیاسی جماعتوں نے کہا ہے کہ وفاقی بیوروکریسی کی عینک میں بلوچستان نظر نہیں آتا اگر بلوچستان کو اس کا جائز حق نہ دیا گیا تو بلوچستان عوامی پارٹی اور اتحادی وفاقی بجٹ میں ووٹ نہیں دیگی بلوچستان کے میگا منصوبوں کی وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کے حوالے سے ہمیں اعتماد میں نہیں لیا گیا شامل کیا جانے ان تحفظات کا اظہار وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ورکن قومی اسمبلی آغا حسن بلوچ اور عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی نے "میڈیا" سے بات چیت کرتے

جریدہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو زرداری سے یورپی یونین کے سفیر کی ملاقات، کورونا وبا سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

پیپلز پارٹی نے سندھ اور ملک کے دیگر صوبوں کی فصلوں پر ٹڈی دل کے حملوں سے بھی آگاہی دی اور سندھ حکومت کے اقدامات کے متعلق بتایا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے پاکستان میں یورپین یونین کے سفیر ایڈورڈ لاکا نے زرداری ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ اس ملاقات میں کورونا کی وباء کے دوران عالمی صورتحال پر اثرات کورونا سے نمٹنے کے لئے سندھ حکومت کے اقدامات پاکستان میں ٹڈی دل کے حملے، جینیفر اکرم پسپورٹ پروگرام کی افادیت اور یورپین یونین کی جانب سے سندھ رورل سپورٹ پروگرام کے متعلق تبادلہ خیال ہوا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے انہیں سندھ حکومت کے اس قضیے سے آگاہ کیا کہ صورتحال سے زیادہ اہم انسانی زندگی ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو

جریدہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

لیاقت آباد سول ہسپتال میں کورونا کے مریضوں کا علاج و معالجہ کیا جا رہا ہے

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں کورونا بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے، ثاقب کاکڑ

عوام، تاجر برادری کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد کرائیں

عوام غیر ضروری سفر اور رش والی جگہوں پر جانے سے پرہیز کریں' ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)

کوئٹہ (ش ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ثاقب کاکڑ اور صوبائی ہیلتھ ایجوکیشن کے ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈاکٹر ناصر کیانی نے کہا ہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں کورونا بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے عوام، تاجر برادری کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد کرائیں اور عوام غیر ضروری سفر اور رش والی جگہوں پر جانے سے پرہیز کریں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو محکمہ صحت ہیلتھ ایجوکیشن اور یونیسیف کے تعاون سے کورونا وائرس کے حوالے سے عوام میں آگاہی

جریدہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں نامعلوم مسلح افراد تاجر سے ڈیڑھ لاکھ روپے چھین کر فرار

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں ڈکیتی کی چوتھی بڑی واردات نامعلوم ڈاکو دن دیہاڑے تاجر سے ڈیڑھ لاکھ نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے شہر کے مرکزی چوک پر نامعلوم ڈاکو جنرل اسٹور کی دکان میں ڈکیتی کی نیت سے داخل ہوئے ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ کے زور پر تاجر پرمانند سنگھ کو یرغمال بنا کر ڈیڑھ لاکھ

جریدہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت ترجمان کی بیساکھیوں پر کھڑی ہوئی ہے

اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی

عوامی مینڈیٹ کے حامل ارکان اسمبلی کے خلاف بیان بازی ترجمان حکومت بلوچستان کے قد سے اوپر کی بات ہے

غیر منتخب لوگ اپنے مفادات کی تکمیل کیلئے کوشاں ہے، ملک نصیر احمد شاہوانی، نصر اللہ خان زیرے اور اصغر خان ترین کا ردعمل

کوئٹہ (آن لائن) اپوزیشن جماعتوں کے ارکین صوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ اپوزیشن سے معافی منگوانے کے شوشے پہلے اپنے ماضی کے گناہوں پر نظر ڈالیں، بلوچستان حکومت ترجمان کی بیساکھیوں پر کھڑی ہوئی ہے ہمیں بلوچستان کے عوام نے منتخب کیا ہے عوامی مینڈیٹ کے حامل ارکان اسمبلی کے خلاف بیان بازی ترجمان حکومت بلوچستان کے قد سے اوپر کی بات ہے، اپوزیشن جماعتوں نے صوبے کے حقوق کا تحفظ کا عالم بلند کر رکھا ہے، غیر منتخب لوگ اپنے مفادات کی تکمیل کیلئے کوشاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار اپوزیشن جماعتوں بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے پارلیمانی لیڈر نصر اللہ خان زیرے اور جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین نے ترجمان حکومت بلوچستان کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی نے کہا کہ یہاں لوگ شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بننے کی

جریدہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

عوام کے حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد کریں گے' علی مدد جتک

بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن جماعتوں کے احتجاج کی وجوہات پر تعجب ہوا عوام بھوک اور افلاس کا شکار ہیں لیکن اراکین اسمبلی الاؤنس وصول کر رہے ہیں

اپوزیشن جماعتوں کو اپنے فنڈز کی بجائے بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ، مہنگائی، بے روزگاری جیسے اہم مسائل پر احتجاج کرنا چاہیے تھا، صوبائی صدر پی پی پی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتوں کو اپنے فنڈز کی بجائے بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ، مہنگائی، بے روزگاری جیسے اہم مسائل پر احتجاج کرنا چاہیے تھا، بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن جماعتوں کے احتجاج کی وجوہات پر تعجب ہوا عوام بھوک اور افلاس کا شکار ہیں لیکن اراکین اسمبلی الاؤنس وصول کر رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا کام عوامی مسائل پر احتجاج کرنا ہے لیکن

جریدہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل کر دیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کی حدود میں شوہر نے بیوی کو گولیاں مار کر قتل کر دیا چاقو بیچ کوٹھہ میں ملزم وحید بخش لاشاری نے اپنی بیوی مسماۃ بیگم خاتون کو نائی پستول سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور پولیس تھانہ پہنچ کر از خود گرفتاری پیش کر دی ملزم وحید بخش لاشاری کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی

جریدہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

شہباز شریف کی زندگی کو خطرات سے دوچار کرنا شرمناک ہے' مریم نواز

مسلم لیگ (ن) کے صدر تمام انتقامی کارروائیوں کی شدت بارے جانتے ہوئے لندن سے واپس آئے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ دیکھو تم لوگوں نے شہباز شریف کے ساتھ کیا کر دیا، ان کا کورونا مثبت ہونا کرتا ہے کہ ان کے تحفظات غلط نہ تھے۔ مریم نواز نے شہباز شریف کا کورونا ٹیسٹ مثبت آنے پر ردعمل میں ٹویٹ میں کہا کہ شہباز شریف تمام انتقامی کارروائیوں کی شدت بارے جانتے ہوئے بھی لندن سے واپس آئے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ شہباز شریف قطعی طور پر احتساب کے عمل سے بچنے کی کوشش نہیں کر رہے، قانون

جریدہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں نامعلوم افراد نے ڈیڑھ لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے

تمبو (آن لائن) نوتال کے علاقے میں مسلح افراد نے چاقوں سے وار کر کے ایک شخص کو قتل کر کے موقع سے فرار ہو گئے پولیس کے مطابق نصیر آباد نوتال کے قریب نامعلوم افراد نے چھریوں سے وار کر کے شاہنواز دیرکھانی کو قتل کر دیا اور جائے وقوعہ سے فرار ہو گئے

جریدہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد بڑھ کر ایک 100 ہو گئی

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد اور گنداخہ تحصیلوں میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد بڑھ کر ایک 100 ہو گئی جبکہ مشتبہ مریضوں کی تعداد 144 ہو گئی تحصیلات کے مطابق اوستہ محمد اور گنداخہ میں میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے محکمہ صحت کی جانب سے آج کی رپورٹ کے مطابق کورونا

جریدہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بجٹ آج پیش کیا جائیگا تنخواہوں میں 5 سے 10 فیصد اضافے کا امکان

ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 5 سے 10 فیصد تک اضافے کا امکان، حتمی منظوری وزیراعظم بجٹ پیش کرنے سے قبل دیں گے

74 کھرب روپے کا بجٹ پارلیمنٹ میں منظوری کیلئے پیش کرے گی' 49 کھرب 50 ارب روپے تک کا ٹیکس وصولیوں کا ہدف رکھے جانے کا امکان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت کی جانب سے نئے مالی سال 2020-21 کے بجٹ کی تیاریاں حتمی مرحلے میں داخل ہو گئی ہیں، وزیراعظم عمران خان کی حکومت آج (جمعہ) کو تقریباً 74 کھرب روپے کا اپنا دوسرا بجٹ پارلیمنٹ میں منظوری کیلئے پیش کرے گی، جس میں 49 کھرب 50 ارب روپے تک کا ٹیکس وصولیوں کا ہدف رکھے جانے کا امکان ہے، جبکہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 5 سے 10 فیصد تک اضافے پر کام کیا جا رہا ہے، وزیراعظم عمران خان کی سربراہی میں قومی اقتصادی کونسل (این ای سی) نے موجودہ مالی سال کے 1500 ارب کے ترقیاتی پروگرام سے 12 فیصد کمی کے ساتھ 1324 ارب روپے کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی منظوری دی جبکہ جس میں وفاقی ترقیاتی پروگرام رواں سال کے 701 ارب سے

جریدہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح مستونگ میں کورونا سے بچاؤ، ملیریا پروگرام بارے آگاہی مہم جاری ہے، میر نور مری

ملیریا پروگرام کے تحت مستونگ کے مختلف ہیلتھ سینٹرز میں فری ٹیسٹ اور فری میڈیسن فراہم کر رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام مستونگ کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر میر نواز مری نے صحافیوں سے بات چیت

جریدہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کراچی سائٹ ایریا کی ایک فیکٹری میں فائر بریگیڈ اہلکار آگ پر قابو پانے کی کوشش کر رہے ہیں

عوام حفاظتی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائیں

اپوزیشن بلوچستان

دنیا کے تمام ترقی پذیر اور خاصکر معاشی طور پر کمزور ممالک کیلئے جان لیوا کرونا وائرس پر قابو پانا مسئلہ نہیں ہے

احتیاط ہی واحد علاج ہے مگر بے احتیاطی، موت کو خود دعوت دینے کے مترادف ہے اس لئے ضروری ہے' امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ش ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے جان لیوا کرونا وائرس کے خطرات کے پیش نظر کے حوالے سے کہا کہ احتیاط ہی واحد علاج ہے مگر بے احتیاطی، موت کو خود دعوت دینے کے مترادف ہے اس لئے ضروری ہے کہ عوام تمام حفاظتی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائیں اپنے ایک بیان میں گورنر یاسین زئی نے کہا کہ دنیا کے تمام ترقی پذیر اور خاصکر معاشی طور پر کمزور ممالک کیلئے جان لیوا کرونا وائرس پر قابو پانا مسئلہ نہیں ہے بلکہ اصل مسئلہ جدید حفاظتی طبی آلات اور دیگر ضروری سامان کی عدم دستیابی کا ہے۔ گورنر بلوچستان نے واضح کر دیا کہ بین الاقوامی اداروں کی مالی معاونت اور زندگی بچانے والی نت نئی ٹیکنالوجی کی فوری فراہمی نہ کرنے کی صورت یہاں کی صورتحال سنگین ہو سکتی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسے ممالک

جریدہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ٹڈی دل نے بلوچستان کے تمام اضلاع کے زراعت کو شدید متاثر فصلات و باغات تباہ ہو گئے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

بدقسمتی سے حکومتی اقدامات ناکافی و بہت لیٹ ہیں جس سے زمیندار پریشان، کسان خودسوزی پر مجبور ہوئے ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ ٹڈی دل نے بلوچستان کے تمام اضلاع کے زراعت کو شدید متاثر فصلات و باغات تباہ ہو گئے ہیں بدقسمتی سے حکومتی اقدامات ناکافی و بہت لیٹ ہیں جس کی وجہ سے زمیندار پریشان، کسان خودسوزی پر مجبور ہوئے ہیں حکومت متاثرین کی مالی امداد کیا جائے بجلی کے بل معاف اور لوڈشیڈنگ سے بلوچستان کو استثنیٰ دے دیں۔ بجلی کا بلز کے ذریعے ٹڈی دل کے خلاف صوبے کے تمام

جریدہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

لاہور مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء عرفان صدیقی کی احتساب عدالت پیشی کے موقع پر پولیس اہلکار الرٹ کھڑے ہیں

مت حکومت صوبے کے حقوق پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی، نور محمد دمڑ

بجٹ آتے ہی اپوزیشن جماعتوں کو عوامی مسائل یاد آ جاتے ہیں اور وہ ریڈ زون میں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کے سامنے احتجاج کر کے اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں

صوبے کے پشتون بلوچ روایات کی پامالی افسوسناک عمل ہے ماضی کے 70 سالوں میں وفاق نے بلوچستان کو ہمیشہ نظر انداز کرتا چلا آ رہا ہے تمام صوبائی وزیر

بیرانی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، اسماعیل نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے ریڈ زون میں احتجاج اور پارٹی کے سربراہ جام کمال خان کے خلاف غیر پارلیمانی و غیر اخلاقی الفاظ استعمال کرنے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے احتجاج بلاجواز اور بلیک میلنگ کے سوا کچھ نہیں ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی قیادت میں بلوچستان ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے صوبے کے پشتون بلوچ روایات کی پامالی افسوسناک عمل ہے ماضی کے 70

جریدہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کچھ شوری کے علاقے میں نہر ک

www.dailyshal.pk

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

12 جون 2020ء

اقتصادی مالی سروے 20-2019 پیش کر دیا

مالی سال 20-2019 میں جی ڈی پی کی شرح نمو کا تخمینہ 0.4 فیصد ہے، اس میں زرعی شعبے میں ترقی کی شرح 2.67 فیصد ہے، صنعت خاص طور پر متاثر ہوئی اور اس میں ترقی کی شرح منفی 2.64 ہے، خدمات کے شعبے میں یہ شرح منفی 3.4 فیصد ہے، موجودہ حکومت کو بحران ورثے میں ملا، ہمارے اخراجات آمدن سے کافی زیادہ تھے، اپنے بیرونی طور پر معیشت کو درپیش خطرات سے نمٹنا اور ورثے میں ملنے والے 20 ارب ڈالر کے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو کم کر کے ہم 3 ارب ڈالر تک لے آئے، اسٹیٹ بینک سے ایک ٹکا بھی قرض نہیں لیا، پورا سال کسی بھی ادارے کو کسی بھی حکومتی وزارت کو ٹکا بھی اضافی گرانٹ نہیں دی، ہم نے کوشش کی، اپنے لوگوں کو بنیادی سہولیات دیں، ان کیلئے سڑکیں، پل، ہسپتال بنائیں اور جتنا ممکن ہو باہر کی چیزوں اور باہر کی دنیا پر انحصار کم کریں، کورونا وائرس کے پھیلاؤ سے پہلے ٹیکسز میں 17 فیصد اضافہ ہوا، اخراجات میں زبردست کمی اور نظم وضبط آیا ہے، باہر کے قرضوں کو خوش اسلوبی سے واپس کیا گیا اور اپنے تعلقات تجارت کی بنیاد پر دنیا کے ساتھ برقرار رکھے، کورونا وائرس اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے ٹرانسپورٹ، ریلوے اور ایئر ٹرانسپورٹ بندش کی تو منفی ترقی ہوئی اور یہ شرح منفی 7.1 ہے، احساس بہت دگنا کیا، شفاف طریقے سے پروگرام چل رہا ہے، احساس پروگرام میں کوئی ملاقاتی مداخلت یا تعصب نہیں، کوئی مذہبی تفریق بھی نہیں، اس میں کوئی سیاسی مداخلت نہیں، آئی ایم ایف کے مطابق کورونا وائرس کے باعث دنیا کی آمدن میں 3 سے 4 فیصد کمی آئے گی، خصوصی طور پر ترقی پذیر ممالک متاثر ہوں گے، پاکستان کی ترسیلات زر بھی متاثر ہوں گی، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کارخانوں اور انٹرپرائزز کے بجلی کے 3 ماہ کے بل حکومت ادا کرے گی، زراعت کے شعبے میں 50 ارب روپے کی اسکیمیں لائے، کم آمدن والے افراد کو گھر بنانے میں مدد کی جائے گی، کوشش ہوگی نئے ٹیکس نہ لگائے جائیں۔ جمعرات کو یہاں اقتصادی مالی سروے 20-2019 پیش کرتے ہوئے موجودہ حکومت کو بحران ورثے میں ملا، ہمارے اخراجات آمدن سے کافی زیادہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات کی شرح صفر ری جبکہ گزشتہ حکومت کے آخری 2 سالوں میں غیر جنگی زرمبادلہ کے ذخائر 16-17 سے گر کر 9 کے قریب پہنچ گئے تھے۔ ڈالر سستا رکھا گیا جس کے باعث درآمدات، برآمدات سے دگنی ہوگئیں اور ان تمام چیزوں کا اثر یہ ہوا کہ ہمارے پاس ڈالر ختم ہوگئے کہ ہم اپنی معیشت کو اچھے انداز میں چلا سکتے اور اس وقت میں ہمارے قرضے بڑھ کر 25 ہزار ارب روپے ہو چکے تھے۔ اگر قرض اور واجبات کو بھی ملایا جائے تو ہمارے قرضے تقریباً 30 ہزار ارب یا 30 کھرب روپے بن چکے تھے۔ ایک ایسی صورتحال تھی جس میں ہم بیرونی اکاؤنٹ میں ڈیفالٹ کی جانب دیکھ رہے تھے، ہمارے اخراجات آمدن سے کافی زیادہ تھے۔ بنیادی طور پر ہم اپنی حکومت میں جو شرح نمو حاصل کر رہے تھے وہ باہر سے قرض لے کر ملک کے اندر خرچ کر رہے تھے تو ایسی صورتحال میں سب سے پہلی چیز یہ تھی کہ ہم مزید وسائل یعنی ڈالرز کو متحرک کریں۔ اس سلسلے میں حکومت نے کافی کوشش کی اور کچھ ممالک سے قرض اور موخر شدہ ادائیگیوں پر تیل حاصل کیا اور اس کے ساتھ بین الاقوامی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) سے 6 ارب ڈالر کا پروگرام لے لیا۔ حکومت نے ٹیکسز کو بہتر کرنے کے لیے مزید اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا اور سب سے بڑھ کر اپنے ملک کی برآمدات کو بڑھانے کے لیے اپنے کاروباروں کو مراعات دینے کے لیے کاروباری شعبے کے لیے گیس، بجلی، قرضے یہ تمام چیزیں حکومت نے اپنی جیب سے پیسے دے کر سستے کیے۔ ان وجوہات کی بنا پر ہم نے اپنے بیرونی طور پر معیشت کو درپیش خطرات سے نمٹنا اور ورثے میں ملنے والے 20 ارب ڈالر کے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو کم کر کے ہم 3 ارب ڈالر تک لے آئے۔ یہ حکومت کا بہت بڑا کارنامہ ہے کہ پہلے سال اور خصوصی طور پر اس سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں 73 فیصد کمی کی گئی۔ احساس بہت دگنا کیا اور اسے تقریباً 100 ارب سے 192 ارب روپے کر دیا گیا اور یہ رقم ایسے سوشل سیفٹی نیٹس کے لیے رکھی کہ عام آدمی تک یہ پیسے اچھے انداز میں پہنچائے جائیں اور اس طریقے سے پہنچائے جائیں کہ اس میں کوئی سیاسی مداخلت نہیں۔ احساس پروگرام میں کوئی ملاقاتی مداخلت یا تعصب نہیں، کوئی مذہبی تفریق بھی نہیں اور اس کی ترجیح پاکستان کے وہ لوگ ہیں جو غریب یا کم آمدنی والے لوگ ہیں، اسی جذبے کی بنیاد پر ہمارے قبائلی علاقوں کے ضم شدہ اضلاع تھے ان کے لیے بھی 152 ارب روپے رکھے گئے۔ ہمارے پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام میں حکومت کی جانب سے 701 ارب روپے اور نجی شعبے سے منصوبے کے لیے 250 ارب روپے کا تخمینہ لگایا گیا، ایک جانب لوگوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے تو دوسری جانب ان کی معاشی صورتحال کو بہت خراب ہونے سے بچانے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

حاصل، لاحاصل

ایم سرور صدیقی

پاکستان میں 10 سال سے مقیم امریکی شہری سنتھیا رچی نے ایک نیا پنڈورا بکس کھول کر رکھ دیا ہے جس سے لوگوں کی معلومات میں گراں قدر اضافہ ہوا ہے بیشتر لوگ پٹاخے لے لے کر ایک دوسرے کو سینڈ کر رہے ہیں کافی لوگوں نے اسے سنجیدہ نہیں لیا جب سیاست میں شائستگی تھی جنرل رانی اور بیگم خان کے قصے ایک ڈراؤنا خواب محسوس ہوتے تھے اب تو کہا جا سکتا ہے کہ سیاست اور ایسی ویسی عورتوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے بلکہ اس معاملے میں قریباً ہر سیاستدان کے دامن میں سو سو چھید ہیں خوفناک بات یہ ہے کہ ایسے کسی سیاستدان کو کسی قسم کی شرمندگی کا کوئی احساس تک نہیں ہوتا سابق شیر پنجاب، سابقہ مرد آہن، تین بار منتخب ہونے والے وزیر اعظم، کینسر کے مریض، ان کے ہونہار سپوت کی عجب غضب ناک کہانیاں ہمارے آس پاس بکھری پڑی ہیں یہاں بیگم خان پر ہی موقوف نہیں ایوان صدر میں آشوریہ رائے کے قدموں پر کروڑوں نچھاور کرنے والے بھی موجود ہیں جس پارلیمنٹ کے تقدس کی باتیں کی جاتی ہیں وہاں کے لاجز کی کوڑا کرکٹ کی باسکٹوں سے آج بھی شراب کی خالی بوتلیں وافر ملنے کی خبریں اکثر منظر عام پر آتی رہتی ہیں اس ماحول میں امریکی شہری سنتھیا رچی کے پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت پر سنگین الزامات کوئی اچنبھے کی بات نہیں۔ سنتھیا رچی نے سینیٹر رحمان ملک پر زیادتی کرنے کا الزام لگایا، سابق وزیر صحت مخدوم شہاب الدین پر ان کی ساتھ بدسلوکی کا دعویٰ کر ڈالا۔ اس نے یہ بھی کہا سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے ان کیساتھ دست درازی کی جب وہ ایوان صدر میں مقیم تھے لیکن سب سے سنگین الزام یہ لگایا گیا کہ بے نظیر بھٹو اپنے گارڈز سے ان عورتوں کا ریپ کروایا کرتی تھیں جن کے مبینہ طور پر ان کے شوہر نامدار سے تعلقات تھے۔ امریکی شہری سنتھیا رچی نے یہ بھی "انکشاف" کیا ہے کہ عمران خان بھی اس کے ساتھ "سیکس" کرنا چاہتے تھے اب سوال یہ اٹھتا ہے کہ اتنے عرصہ بعد اتنے سارے لوگوں کے بارے میں انکشافات در انکشافات کے لئے یہ وقت کیوں منتخب کیا گیا اس کے پیچھے کیا محرکات ہو سکتے ہیں؟ فی الحال اس بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا لیکن ردعمل کے طور پر سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کا کہنا تھا کہ سنتھیا رچی کے الزامات کے جوابات دینا توہین ہوگا اس امریکی خاتون نے شہید بینظیر پر بھی عجیب وغریب الزامات لگائے۔ کوئی بھی شہید بی بی پر الزام برداشت نہیں کر سکتا سوال یہ بھی ہے کہ الزام لگانے والی خاتون ایوان صدر میں کیا کر رہی تھیں؟ سنتھیا رچی کو سیاستدانوں پر الزامات لگانے کا حق کس نے دیا ہے؟ ادھر سنتھیا رچی نے کہا ہے کہ میں مزید تفصیلات خوشی خوشی کسی غیر بھی جانبدار تحقیقاتی صحافی کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے تیار ہوں۔ میں اپنے چند قریبی اور بااعتماد لوگوں کے ساتھ یہ پہلے ہی شیئر کر چکی ہوں تاکہ خدانخواستہ میرے ساتھ کچھ ہو نہ جائے۔ سینیٹر رحمان ملک نے الزامات کو نازیبا "من گھڑت" جھوٹے قرار دیتے ہوئے کہا بطور کمیٹی چیئرمین سخت اقدامات لینے پر میری کردار کشی شروع کی گئی۔ حکومت کے خلاف سخت بیانات پر مجھے قید اور قتل کرنے کی دھمکیاں بھی ملی ہیں۔ اوچھے ہتھکنڈوں سے ڈرنے والا نہیں ماضی میں موت کا کھیل بھی دیکھ چکا ہوں۔ بے نظیر بھٹو کی تکریم کی لڑائی ہے جو پوری قوم کی قائد ہیں۔ بے نظیر بھٹو شہید اور میری کردار کشی کے پیچھے کون سے عناصر ہیں وقت آنے پر بے نقاب کروں گا۔ پارٹی کارکنان شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا دفاع کرتے ہوئے خواتین کی عزت ووقار کو برقرار رکھیں اور کبھی کالم گلوچ نہ کریں اس خاتون کا مقصد صرف پاکستانی سیاستدانوں اور پاکستان کی سیاسی قیادت کا امیج یہاں کی عوام کے سامنے خراب کرنا ہے۔ امریکی شہری سنتھیا رچی کے بارے میں شنید ہے کہ یہ ایک وقت سیاح، سیاسی پنڈت، جاسوس، سوشل میڈیا ایکسپرٹ، میڈیا ڈائریکٹر، پروڈیوسر، بلاگر، رائٹر، فائٹر وغیرہ وغیرہ سب کچھ ہیں ویسے پاکستانی سیاستدانوں بارے ایک کتاب "پارلیمنٹ سے بازار حسن تک" بھی خاصی کام کی چیز ہے جس میں نہ جانے کون کون سے شرفاء بارے انکشافات کئے گئے ہیں کہ ان سے گھن آنے لگتی ہے لیکن لوگ پٹاخے لے لے کر اس کا تذکرہ ضرور کرتے ہیں پھر ایسے ہی پاکستانی سیاستدان غلام مصطفیٰ کھر کی سابق اہلیہ تہمینہ درانی نے "مائی لیوڈل لارڈ" (میڈ اسائیں) لکھ کر تہلکہ مچا دیا جس میں سیاسی غلام گردشوں کے درمیان جنسی زندگیوں کے قصے بیان کئے گئے تھے۔ چند دن مائی لیوڈل لارڈ کے انکشافات کا میلہ لگا، تماش بین دور دور سے یہ میلہ دیکھنے آئے۔ اور پھر یہ کتاب شیلف کے کسی کونے میں دوسری کہانیوں تلے دب گئی۔ کھر خاندان بھی وہیں ہے، سیاست کے انداز اور سائیں بھی نہیں بدلے آج وہ رائٹر محترمہ ایک اور وزیر اعلیٰ کی زوجہ محترمہ ہیں۔ دو سال پہلے تو ریحام خان کی کتاب نے بھی کچھ دن سیاسی تالاب میں طلاطم مچائے رکھا جس جس نے ریحام خان کی کتاب کو پڑھا وہ وہی دہائی اور کوک شاستر کو بھول گیا پھر کتاب بھی نایاب ہوگئی، سندل بلوچ اور حریم شاہ کی ویڈیو تو کل کی باتیں ہیں ماضی میں عمران خان سیتا وائٹ اور نہ جانے کون کون سے گڑے مردے اکھاڑنے کی کوشش کی گئی لیکن یہ سب کچھ پاکستانی عوام کے حافظے سے اتر گیا کسی پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا عوام کے انہی سیاستدانوں کا جادو سر چڑھ کر بول رہا ہے وہ آج بھی عوام کے لئے ہیرو ہیں اس لئے نہیں لگتا امریکی شہری سنتھیا رچی کے انکشافات کا پاکستانی عوام پر کوئی اثر پڑنے والا اس لئے یہ سیر حاصل بحث محض لاحاصل ہے ہمارے یہاں اچھی انٹرٹینمنٹ کی شدید کمی ہے اس لیے شغل لگانے کو اور بہت میلے لگتے رہتے ہیں ویسے سب سے بہترین تبصرہ معروف رائٹر خلیل الرحمن قمر نے کیا ہے وہ کہتے ہیں اب نو سال بعد سنتھیا رچی کو پتہ چلا ہے کہ ان کے ساتھ ریپ ہوا ہے کیا وہ اس کے نتیجے میں حاملہ ہو گئیں ہیں؟

خضدار منشیات کا گڑھ

حیدر موسیانی

آگ ہمیشہ چھوٹی چنگاری سے لگتی ہے، اور پھر انتہائی تیزی پھیلتی جاتی ہے، انسانی آبادی میں لگ جائے تو بستیوں کی بستیاں اُجاڑ کر رکھ دیتی ہے، جنگلوں میں لگ جائے تو سینکڑوں میلوں تک پھیل جاتی ہے۔

آگ میں خشک تر، انسان حیوان، درند چرند پرند کی تمیز نہیں ہوتی، جس جانب یہ (آگ) رُخ کرتی ہے، ہر چیز کو جلا کر راکھ کر دیتی ہے۔۔۔

جب چنگاری بھڑکے تو تھوڑا سا پانی ڈال کر اسے بجھایا جا سکتا ہے، لیکن جب زیادہ پھیل جائے تو آسانی سے آگ پر قابو پانا بہت مشکل ہے۔۔۔

آگ لگنے کے ہزاروں واقعات آپ نے دیکھے اور سنے ہونگے۔۔۔

حالیہ دنوں کوئٹہ میں تیل بردار گاڑی کے الٹ جانے سے جو آگ بھڑک اٹھی اس نے کروڑوں روپوں کا نقصان اور املاک کو بہت بڑا نقصان پہنچایا۔۔۔

حالانکہ وہ آگ بھی محض ایک چنگاری سے بھڑکی تھی۔۔۔

ایسے ہی ہمارے معاشرے میں منشیات انتہائی تیزی سرعت کرتی جا رہی ہے، مانا کہ انتظامیہ کی جانب سے منشیات فروشوں کی گرفتاری کی خبریں آئے روز سننے اور پڑھتے رہتے ہیں، اور گرفتاریوں میں بھی کوئی تردد نہیں۔۔۔

اوپری سطح پر کام احسن اقدام ہے، لیکن "نچلی سطح" پر انتظامیہ کو کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔۔۔

اسوقت گلی کوچوں میں جو چیز با آسانی دستیاب ہے اور جسے عام طور پر نشہ تصور ہی نہیں کیا جاتا، وہ ہے پان پراگ، نیم، رتن، گٹکہ وغیرہ۔

ان کی دستیابی سے بچوں میں نشہ کرنے کی عادت کے ساتھ ساتھ چوری چکاری، لوٹ مار، کینسر کی بیماری تیزی سے پھیلتی جا رہی ہے۔۔۔

ضلعی انتظامیہ کو منشیات کی روک تھام "پہلا قدم" کے طور پر گلی محلوں میں قائم منشیات کے اڈوں کے خاتمے سے کرنا ہوگا۔۔۔

جب تک منشیات کو جڑوں اکھاڑ کر نہیں پھینکا جائے گا،

اسوقت تک خاتمہ مشکل ہی نہیں ناممکن ہے۔۔۔

کیونکہ راہ میں پڑے کانٹے، پتھر ہٹا دینے سے ہی راستہ صاف ہوگا، اور اس پر چلنے والوں کو کوئی دشواری درپیش نہیں آئے گی۔۔۔

منشیات کے چھوٹے کاروبار کا قلع قمع کرنے سے ہی بڑے کاروبار کی حوصلہ شکنی ممکن ہے۔۔۔

وگرنہ

انتظامیہ کو ایک جنم تو کیا سو جنم بھی ناکافی ہونگے "منشیات کے خاتمے کیلئے۔۔۔

عنوان: چائلڈ لیبر ایک لعنت

خان فہد خان

بچے کسی پودے کی ٹہنی پر لگے ان پھولوں کی مانند ہوتے ہیں جو صبح کی ٹھنڈی ہوا کے چلنے سے جھومتے اور خوب مہکتے ہیں۔ ان کی یہ مہک سارے ماحول میں اک دلکشی سی پیدا کر دیتی ہے۔ یہ پھول بہت ہی نازک ہوتے ہیں ذرا سی سختی برداشت نہیں کرتے کہ مرجھا جاتے ہیں یہ سختی چاہے موسم کی ہو یا معاشرے کی۔ موسم تو خیر قدرت کا معاملہ ہے مگر معاشرے کا وجود تو ہم سب سے ہے۔ اس لیے ان پھولوں کی حفاظت کی ذمہ داری پورے معاشرے پر عائد ہوتی ہے۔ اس ہی ذمے داری کا احساس کرتے ہوئے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن نے 12 جون 2002 سے بچوں سے جبری مشقت کروانے کے خلاف عالمی دن منانے کا آغاز کیا۔ 2002 سے ہر سال 12 جون کو دنیا بھر میں بچوں کی مشقت کے خلاف دن منایا جاتا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد دنیا بھر میں بچوں کو محنت ومشقت سے بچانا اور تعلیم کی جانب راغب کرنا ہے ساتھ ساتھ چائلڈ لیبر سے متعلق قوانین کو سخت کر کے بچوں سے مشقت کروانے والوں کی حوصلہ شکنی بھی کرنا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی ہر سال 12 جون کو انسداد چائلڈ لیبر ڈے منایا جاتا ہے اس دن بچوں کی مشقت کے خلاف سیمینارز، آگاہی واک اور بڑے بڑے بھاشن ہوتے ہیں جو کہ میرے خیال میں صرف عالمی اداروں کو دکھانے کیلئے ہوتا ہے۔ اس سال تو کورونا وائرس کی وجہ سے شاید یہ دکھاوے کے سیمینارز، آگاہی واک بھی نہ ہو سکے اور صرف چائلڈ لیبر پر بیان دے کر ہی کام چلایا جائے۔ خیر اس طریقے سے دن منانے، یعنی سیمینارز، آگاہی واک یا کیمپین چلانے سے چائلڈ لیبر جیسی لعنت کبھی ختم یا کم نہ ہو سکے۔ جس کا ثبوت یہ ہے کہ ہر سال یہ دن منانے کے باوجود پاکستان سمیت دنیا بھر میں مزدور بچوں کی تعداد میں روز بہ روز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق اس وقت دنیا بھر میں 152 ملین کے قریب بچے غربت کی وجہ سے کاپی قلم اور سکول سے دور محنت مشقت کرنے پر مجبور ہیں۔ صرف پاکستان میں دو کروڑ کے قریب بچے تعلیم سے دور اور ایک کروڑ سے زائد بچے چائلڈ لیبر کا شکار ہیں۔ آخر اتنی بڑی تعداد میں بچے اپنے بنیادی حق تعلیم سے محروم اور مشقت پر مجبور کیوں ہیں؟ اس صورت حال کا ذمہ دار کون ہے اور سدباب کیا ہوگا۔ چائلڈ لیبر کے ذمے دار معاشرے کے تین فریق ہیں۔ پہلے نمبر پر مزدور بچوں کے والدین دوسرے نمبر پر وہ لوگ جو بچوں سے کام لیتے ہیں اور تیسرے نمبر پر حکمران ہیں۔ اگر مزدور بچوں کے والدین سے پوچھا جائے کہ وہ اپنے بچوں سے محنت مشقت کیوں کرواتے ہیں تو اکثر والدین غربت اور مہنگائی کا رونا روتے نظر آتے ہیں کہ مالی وسائل کی کمی کے سبب بچوں کو مشقت پر لگا دیتے ہیں تاکہ وہ ان کا سہارا بن سکے۔ یہ حقیقت ہے کہ کوئی بھی صاحب حیثیت شخص یقیناً اپنے بچوں کی اچھی تعلیم وتربیت کا بندوبست کرے گا۔ وہ کسی صورت اپنے بچوں کو محنت ومشقت کی بھٹی میں نہیں ڈالے گا۔ آج مہنگائی کے اس دور میں جب ایک فرد کی کمائی سے گھر چلانا مشکل ہے تو اکثر غریب والدین مجبوراً اپنے بچوں کو محنت مزدوری پر لگا دیتے ہیں جس سے چائلڈ لیبر میں اضافہ ہوتا ہے۔ دوسری جانب بات کی جائے ان افراد کی جو اپنی صنعتوں، کارخانوں، بھٹوں، کھیتوں، ورکشاپس، ہوٹلوں اور گھروں میں بچوں سے کام لیتے ہیں۔ یہ وہ افراد ہیں جو غریب کی مجبوری سے صحیح فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ یہ لوگ بچوں سے پورا کام لیتے ہیں اور تھوڑی اُجرت دیتے ہیں، بچوں کو اجرت کم دینا پڑتی ہے اس لیے زیادہ تر بچوں کو کام پر رکھا جاتا ہے، یہ لوگ بچوں سے خوب مشقت کرواتے ہیں اور اگر بچے سے کوئی چھوٹی موٹی غلطی ہو جائے تو بری طرح تشدد کا نشانہ بنا ڈالتے ہیں۔ اس طرح کے کیسز ہمیں اکثر اپنے اردگرد یا میڈیا پر دیکھنے کو ملتے ہیں۔ مزدور تو جناب مجبور ہوتا ہے یہ بچے مار کھا کر تشدد برداشت کر کے بھی اپنے کام کاج پر جاتے ہیں۔ چائلڈ لیبر سے مستفید ہونے والوں میں ڈاکٹر، وکیل، جج اور ہمارے بڑے بڑے سیاست دان بھی شامل ہیں۔ جن کے گھروں، کارخانوں، صنعتوں اور کھیتوں میں یہ ننھے مزدور اپنے خون پسینہ بہا رہے ہیں اور اپنے غریب ہونے کی سزا کاٹ رہے ہیں۔ اگر اب ہم تیسرے اور آخری فریق حکمرانوں کی بات کریں تو وہ چائلڈ لیبر میں اضافے کے اصل ذمہ دار ہیں۔ افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ پاکستان میں کسی بھی حکومت نے اس مسئلہ کو سنجیدہ نہیں لیا بلکہ ہر دور میں بڑھتے ہوئے مہنگائی کے سیلاب اور حکومت وقت کی غریب کش پالیسیوں نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنائی ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں اس وقت غربت کی شرح چالیس فی صد ہے اور موجودہ صورت حال میں اس شرح میں مزید اضافے کی توقع ہے۔ درحقیقت ہماری حکومتوں کی غریب کش معاشی پالیسیوں سے غربت کی شرح بڑھ رہی ہے اسی وجہ سے چائلڈ لیبر میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ اس ساری صورت حال سے واضح ہوتا ہے کہ چائلڈ لیبر کے اصل ذمہ دار ہمارے سابقہ اور موجودہ حکمران ہی ہیں جن کی ناقص پالیسیوں کے سبب چائلڈ لیبر میں اضافہ ہو رہا ہے اور یہ حکمران آئندہ سال 12 جون کو انسداد چائلڈ لیبر ڈے مناتے ہیں۔ چائلڈ لیبر کے خلاف قوانین کو مزید سخت کرنے اور ذمہ داروں کو سخت سزاؤں کی تلقین دھائی کرواتے نظر آتے ہیں حالانکہ چائلڈ لیبر کے ذمہ دار یہ حکمران خود ہی ہیں۔ 12 جون کو حکومت کی جانب سے چائلڈ لیبر کے خلاف میڈیا میں اشتہارات دیے جاتے ہیں، سیمینارز اور آگاہی واک کا انعقاد بھی کروایا جاتا ہے لیکن یہ سب اقدامات حکومت کی چائلڈ لیبر کے خاتمے سے متعلق سنجیدگی کو ظاہر نہیں کرتے۔ حکومت کو ان حقائق کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ چائلڈ لیبر کے ناسور کو ختم کرنے کیلئے اشتہارات، سیمینارز، چند چھاپے یا ریلیاں تب تک ہرگز کارگر ثابت نہیں ہوں گی جب تک حکومت مہنگائی اور غربت کی شرح میں کمی کیلئے عملی اقدامات نہ کرے۔ اگر غریب کے معاشی حالات بہتر ہوں گے تب ہی وہ اپنے بچوں کو محنت مزدوری کیلئے ورکشاپ، ہوٹل وغیرہ پر بھیجنے کی بجائے روشن مستقبل کیلئے سکول بھیجے گا اور پھر ہی چائلڈ لیبر جیسی لعنت کا خاتمہ ممکن ہوگا۔

میں آپ کی قومی زبان ہوں میرا نام اردو ہے

احمد محمد حسنی

آپ کی پہچان ہوں
میرا نام عام کیوں؟
میں جانتی ہوں آپ سب کو مجھ سے محبت ہے، آپ کا ادب، آپ کی ثقافت، آپ کی روایات آپ کی شاعری سب کچھ میری وجہ سے ہے۔ اگر میرا وجود نہ ہوتا تو یہ سب کچھ نہ ہوتا، اگر آپ میرے مرہون منت ہیں تو پھر جو سلوک میرے ساتھ ہو رہا ہے اس پر آپ خاموش کیوں ہیں؟ آپ میرے الفاظ کو روزانہ اپنی تحریر کا حصہ بناتے ہو، شاعری کرتے ہو، لیکن میری ہی پہچان کے خاتمے پر آپ کے خاموش رویے کسی طرح بھی میرے قتل سے کم نہیں ہیں۔ میں جانتی ہوں آپ سب سوچیں اور میرا جو مقام ہے، جس کی میں حق دار ہوں وہ دیا جائے۔

آپ پوچھتے ہو کیسے تو سنو! اردو کے دیوانو!

۱۔ جب آپ رومن اردو لکھتے ہو۔
۲۔ جب آپ انگریزی الفاظ کو میرے رسم الخط میں لکھتے ہو۔
۳۔ جب آپ اپنی گفتگو میں دوسری زبان کی ملاوٹ کرتے ہو۔
۴۔ جب آپ انگریزی میں اس ملک کا حلف لے رہے ہوتے ہو۔
۵۔ جب آپ فیصلے انگریزی میں لکھ رہے ہوتے ہو۔
۶۔ جب آپ اپنے معصوم بچوں کو انگریزی کے نام پر تعلیمی اداروں میں داخل کرواتے ہو۔
۷۔ جب آپ کہتے ہوں اردو میں تو پڑھا نہیں جا سکتا، یہ ترقی کی زبان نہیں ہے، یہ کمزور ہے۔ ایسے میں دنیا کے سامنے مجھے ذلیل کرتے ہو۔
۸۔ جب آپ ذرائع ابلاغ میں اردو کے ساتھ انگریزی لکھتے ہو اور مجھے غیر زبان میں لکھتے ہو۔
۹۔ جب آپ کو اپنی زبان بولتے احساس کمتری محسوس ہوتا ہے اور ساتھ پاکستانی ہونے پر فخر بھی کرتے ہے۔
۱۰۔ جب آپ کو کوئی ایسا کرنے سے روکتا ہے تو اس کو جاہل اور لاعلم کہتے ہو۔ اس کو پرانے زمانے کا کہتے ہو۔
۱۱۔ جب آپ اخباروں میں اشتہار کیلئے نام میرا اور مشہوری رومن اور انگریزی زبان کی کرتے ہو۔
۱۲۔ جب آپ بار بار انگریزی میں ناکام ہوتے ہو تو پھر بھی سبق نہیں سیکھتے، ایسے میں خود بھی روتے ہو اور مجھے بھی رلاتے ہو۔
۱۳۔ جب آپ کا آئین مجھے حق دیتا ہے اور پچاس سال سے مجھے ذلیل کر رہے ہو۔
۱۴۔ جب آپ مجھ پر لسانیت کا الزام لگاتے ہو اور چند لوگوں کی زبان کہ کر رسوا کرتے ہو۔
۱۵۔ جب آپ مجھے صرف رابطے کی زبان کہ کر نظر انداز کر دیتے ہو اور علاقائی زبان پر بات کرتے ہو۔
کبھی آپ نے سوچا؟؟؟ جب یہ سب کچھ کرتے ہو تو کیا کر رہے ہوتے ہو؟
۱۔ اپنے علمی اور ادبی ورثے کو مٹا رہے ہوتے ہو۔
۲۔ اپنی روایات کا قتل کر رہے ہوتے ہو۔
۳۔ اپنی تہذیب کو مٹا رہے ہوتے ہو۔
۴۔ اپنی زبان کی محبت اور مٹھاس کو دفن کر رہے ہوتے ہو۔
۵۔ اپنے احساس کمتری کو دوسروں کے سامنے چھپا رہے ہوتے ہو۔
۶۔ اقبال کی خودی اور قائد کے فرمان کو نظر انداز کر رہے ہوتے ہو۔
۷۔ اس ملک میں نفرت اور لسانیت کو ہوا دے رہے ہوتے ہو۔
اگر یہ سب کچھ برداشت کر رہے ہو تو پھر آپ ایک قوم کہلانے کے قابل نہیں ہو، پھر آپ کی خودی مردہ ہے، پھر آپ کو کوئی غم نہیں۔ اگر احساس مردہ نہیں تو پھر اٹھ کھڑے ہونے کا وقت ہے، میرا قتل عام روکنا ہوگا، مجھے اپنی زبان سمجھ کر اپنانا ہوگا، مجھے میرا مقام دینا ہوگا۔

مجھے انگریزی کی بھینٹ مت چڑھاؤ۔
مجھ سے میرا احساس مت چھینو۔
مجھ سے میری پہچان مت چھینو۔
مجھ سے میری شان مت چھینو۔
مجھ سے میری آن مت چھینو۔
کیوں کہ میں تمہاری پہچان ہوں۔
میں اقبال کی خودی ہوں۔
میں قائد کا فرمان ہوں۔
میں صوبوں کی زنجیر ہوں۔
میں اردو ہوں، میں پاکستان ہوں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

بلوچستان کا مالی بجٹ

بلوچستان ایک وسیع وعریض اور منتشر آبادی پر مشتمل صوبہ ہے۔

آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے چھوٹا اور رقبے کے اعتبار سے سب سے بڑا صوبہ مشکلات کے حوالے سے بھی بڑے مسائل سے گھرا ہوا ہے۔

خبر یہ ہے کہ حزب اقتدار اور حزب اختلاف آمنے سامنے ہے۔ اپوزیشن لیڈرز نے کل اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی ریلی کا اہتمام کیا اور شرکائے ریلی نے اپنی آواز مقتدرہ حلقوں تک پہنچانے کیلئے وزیر اعلیٰ کی رہائش گاہ کی جانب کر لیا۔ چونکہ یہ ایریا ریڈ زون میں ہے اس لیے سیکورٹیز نے احتجاجی ریلی کو روک لیا اور پھر دم بدم مست جو ہوا وہ الگ داستان ہے۔

بلوچستان کا آئندہ مالی بجٹ سال 2020-21 کا 18 جون کو پیش کیے جانے کا امکان ہے

صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی بلوچستان اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں بجٹ پیش کریں گے

باوثوق ذرائع کے مطابق بلوچستان کے آئندہ مالی سال کے بجٹ کا مجموعی حجم 430 ارب روپے سے زائد متوقع ہے، غیر ترقیاتی بجٹ کیلئے 320 ارب، ترقیاتی بجٹ کیلئے 110 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے محکمہ خزانہ نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے باعث صحت کے شعبے کے لئے سب سے زیادہ رقم مختص کی جائے گی، وبائی امراض کے حوالے سے تین سالہ منصوبے کیلئے 12 ارب روپے مختص کئے جائیں گے۔ جبکہ تعلیم کے شعبے کے لئے 70 ارب روپے سے زائد کی رقم مختص کئے جانے کا امکان ہے،

بجٹ میں غربت کے خاتمے کیلئے پانچ سے چھ لاکھ نوجوانوں کو کاروبار کیلئے آسان شرائط پر قرض دیئے جائینگے، اپنا گھر کے نام سے بے گھر افراد کو مکان کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے خصوصی منصوبے بجٹ کا حصہ ہونگے۔ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں پانچ ہزار نئی آسامیاں دیئے جانے کا امکان ہے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں وفاقی کی طرز پر اضافے کا بھی امکان ہے۔

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافہ کی تجویز وزیر اعظم کو ارسال کی گئی ہے

وزارت خزانہ نے وزیر اعظم کو آئندہ مالی سال 2020-21 کے بجٹ میں وفاقی ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافہ کی تجویز بھجوائی ہے۔ وزارت خزانہ نے تنخواہوں میں 50 تا 100 فیصد تک اضافے کی تجویز مسترد کر دی۔ وزارت خزانہ نے وزیر اعظم کو ارسال کردہ تجویز میں کہا ہے کہ کورونا وائرس اور ملکی معاشی صورت حال کے باعث آئندہ وفاقی بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 10 ف

شال بلیٹن 1

دیں؟ کیا آپ کا سرجیکل اسٹرائیک کا رعب صرف پاکستان کی طرف ہے؟ رپورٹس بتا رہی ہیں لاک ڈاؤن سے بھارت کا ستیاناس ہو چکا ہے۔ لوگ ڈپریشن کا شکار ہو رہے ہیں، گھروں میں تشدد بڑھ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کی زیر صدارت عالمی وبائی صورتحال، علاقائی و ملکی سلامتی کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں وزیر اعظم کے مشیر برائے قومی سلامتی معید یوسف، سیکرٹری خارجہ سہیل محمود، وزارت خارجہ کے سینئر افسران اور اعلیٰ عسکری حکام نے شرکت کی، اجلاس میں کرونا وبا کے مضمرات، خطے میں امن و امان کی صورتحال سمیت مختلف خارجہ پالیسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ افغانستان میں دیرپا قیام امن کی کوششوں کے حوالے سے بھی تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان افغان امن عمل میں، خلوص نیت کے ساتھ اپنا مصالحانہ کردار ادا کرتا رہے گا، پاکستان میں کرونا وبا تیزی سے بڑھ رہی ہے، ہمیں احتیاطی تدابیر کو اپناتے ہوئے بحیثیت قوم اس وبا کو شکست دینا ہوگی، کرونا وائرس کے پھیلاؤ پر قابو پانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، ایک طرف دنیا کرونا جیسی عالمی وبا سے نمٹنے میں مصروف ہے تو دوسری طرف بھارت، خطے کے امن و استحکام کو اپنی ہندتوا پالیسیوں کے ذریعے تہہ و بالا کرنا چاہتا ہے، بھارتی قابض افواج، گذشتہ دس ماہ سے بدترین کرفیو کا سامنا کرنے والے نہتے اور غیور کشمیریوں پر ظلم و ستم کے پہاڑ ڈھا رہی ہیں، انسانیت کے خلاف بھارتی جرائم کی فہرست طویل تر ہوتی جا رہی ہے خطے میں امن و استحکام کی بقا کیلئے، عالمی برادری کو اس صورتحال کا نوٹس لینا ہوگا۔ آج بھارت سرکار کے خلاف ہندوستان کے اندر سے آوازیں اٹھ رہی ہیں، بھارت کا انتہا پسند چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے، شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بھارتی حکمران پاکستان کو سافٹ ٹارگٹ سمجھتے ہیں لیکن پاکستان سافٹ ٹارگٹ نہیں، خطے کے تمام ممالک بھارت سے نالاں ہیں۔ پاکستان خطے میں امن و استحکام کا خواہاں ہے، ہم افغان امن عمل کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ ہم بھارت کی بربریت کے خلاف آواز اٹھاتے رہیں گے، بھارت نے حماقت کی تو منہ توڑ، بھرپور اور فی الفور جواب دیں گے۔ امیت شاہ اور نریندر مودی بتائیں لداخ میں کیا ہو رہا ہے؟ بھارت کا میڈیا کیوں خاموش ہے؟ انہوں نے کہا کہ ساری دنیا کا میڈیا کہہ رہا ہے کہ آپ نے اپنا ایریا سرینڈر کر دیا۔

شال بلیٹن 2

کرنے والے علاقے اور کاروبار بند کر دیں گے۔ جمعرات کے روز سرکاری ٹی وی پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ ملک میں کورونا وائرس پھیلتا جا رہا ہے چند مخصوص لوگ چاہتے ہیں کہ ملک میں اموات زیادہ سے زیادہ ہوں اور ملک لاک ڈاؤن کی طرف جائے۔ اپوزیشن کے ایک بڑے لیڈر بھاگے بھاگے لندن سے پاکستان واپس آئے اور ماسک لگا کر کیمپوٹر کے سامنے بیٹھ گئے جیسے سارے فیصلے انہوں نے ہی کرنے ہیں۔ اپوزیشن چاہتی ہے کہ ملکی معیشت بیٹھ جائے، کورونا کے باعث اموات میں اضافے کا اندازہ تھا، گزشتہ تین ماہ میں میری ٹیم نے بہت اچھا کام کیا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہم نے بھارت جیسا لاک ڈاؤن نہیں کیا۔ لاک ڈاؤن کے دوران بھارت کے 84 فیصد گھرانوں کی آمدن کم ہوئی۔ ہمسایہ ملک میں تین کروڑ نوجوان بیروزگار ہو گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت میں امیر طبقے کو لاک ڈاؤن سے فرق نہیں پڑا، پہلے دن سے کہہ رہا تھا غریب لوگوں کا سوچنا ہوگا، ہم اس لیے بچے کیونکہ ہم نے پوری طرح لاک ڈاؤن نہیں کیا۔ احساس کیش پروگرام میں 120 ارب روپے تقسیم کیا، اس وجہ سے ہمارے بھارت جیسے حالات نہیں۔ پہلے دن سے کہہ رہا ہوں لوگوں کو غربت سے بچانا ہے۔ اپوزیشن نے پہلے 4 ہفتے بہت تنقید کی۔ لاک ڈاؤن کے اثرات غریب پر پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں وائرس اوپر جا رہا ہے، میں بتانا چاہتا ہوں کہ آئندہ چند روز کے دوران پاکستان میں کورونا وائرس کے باعث ہلاکتیں بڑھنے کا خدشہ ہے۔ دنیا بھر کے حالات کو دیکھنے کے بعد سمارٹ لاک ڈاؤن کو ترجیح بنایا۔ وزیر اعظم نے عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ سب لوگ ایس او پیز پر سب عمل کریں۔ اگر ہم احتیاط نہیں کریں گے تو ہسپتالوں پر پریشر بڑھتا جائے گا۔ نیو یارک کے ہسپتالوں میں بھی وینٹی لیٹرز کی کمی ہو گئی ہے۔ اگر ایک محلے میں وائرس پھیلے گا تو اس پورے محلے کو بند کر دیا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پورے ملک کے ایس او پیز کا جائزہ لوں گا، وزیر اعظم ہاس سے صورتحال کو مانیٹر کروں گا۔ میرے پاس روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ آئے گی، حکومت اب ایس او پیز پر عمل درآمد کرانے کے لیے سختی سے کام لے گی۔

شال بلیٹن 3

کرائی گئی کہ گزشتہ سال بلوچستان کے جن منصوبوں کی منظوری ہوئی اور وہ پی ایس ڈی پی میں شامل نہ ہو سکے انہیں آئندہ مالی سال کی وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائیگا۔۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بلوچستان کے نئے تجویز کردہ منصوبے بھی وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ ہونگے وفاقی بجٹ سیشن میں بلوچستان کے منصوبوں کی منظوری دے دی جائیگی۔ وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے اس موقع پر بلوچستان کے منصوبوں کو وفاقی ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کی یقین دہانی پر وزیر اعظم سے اظہار تشکر کیا۔

شال بلیٹن 4

ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ 10 مارچ کو بلوچستان میں کورونا کا پہلا کیس سامنے آیا تھا اس دن سے لیکر آج تک حکومت کورونا کے تدارک کیلئے اقدامات کر رہی ہے کورونا سے معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہو چکی ہے صوبائی حکومت نے عالمگیر وباء سے بچنے کیلئے بہت رکھا ہے کورونا سے متعلق ماہرین بہتر بتا سکتے ہیں لوگ اس کو سازش قرار دے رہے تھے مگر آہستہ آہستہ لوگوں میں شعور و آگاہی بڑھ رہی ہے بدقسمتی سے ایس او پیز عملدرآمد نہ ہونے سے کورونا تیزی سے پھیل رہی ہے پہلے مرحلے میں لاک ڈاؤن سے 5 لاکھ لوگوں کو کفالت میں مشکل پیش آئی 17 لاکھ لوگ غربت کا شکار ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے میں بین الصوبائی اور علاقائی ٹرانسپورٹ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے ہوٹلوں سے متعلق ایس او پیز پر کام جاری ہے اس وقت بھی بہت ساری پرائیویٹ سیکٹرز بند ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت لوگوں میں شعور و آگاہی کیلئے مہم چلا رہی ہے گزشتہ 3 ماہ کے دوران 26 ہزار افراد گرفتار 7 سو لوگوں کیخلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے جبکہ 5 ہزار سے زائد لوگوں کو چالان کیا گیا ہے 16 ہزار لوگوں کو وارننگ کے بعد چھوڑ دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں سنجیدگی سے سوچنا ہوگا کہ کورونا گھروں تک کیسے پہنچا اس وقت 7 فیصد بچے، 42 فیصد جوان اور 6 فیصد 60 سال سے اوپر عمر والے افراد اس وباء کا شکار ہوئے ہیں پہلے متاثرہ مریضوں کی شرح 13 تھی اب 22 فیصد تک پہنچ گئی ہے بلوچستان کی عوام نے طے کرنا ہے کہ وہ سخت لاک ڈاؤن چاہتے ہیں یا حکومتی ایس او پیز عملدرآمد کریں گے ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ وہ کورونا کے تدارک کیلئے اپنا کردار ادا کریں صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی کو پورا کیا جا رہا ہے اس سلسلے میں 6 ارب روپے ریلیز کئے جا چکے ہیں اور 3.13 کا ایک پروپیکٹ وفاق کو بھیجا ہے امید ہے کہ وہ اس کو آئندہ بجٹ کا حصہ بنایا جائے گا۔

شال بلیٹن 5

ہوئے میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کی ترقی کا ضامن ہے یہاں قیام امن کیلئے سیکورٹی فورسز اور عوام نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں امن قائم ہونے کے بعد بلوچستان کے زخموں کا مداوا ترقی سے کیا جا سکتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال اور میں نے پلاننگ کمیشن کی پری بجٹ اجلاس میں شرکت کی بدقسمتی سے ہماری بات کو سنجیدگی سے نہیں لیا گیا جس پر ہم نے اجلاس سے واک آؤٹ کیا تھا انہوں نے کہا کہ وفاقی پلاننگ کمیشن اور بیوروکریسی کی عینک میں بلوچستان نظر نہیں آتا لیکن ہم چپ نہیں بیٹھیں گے وزیر اعظم عمران خان نے بلوچستان سے پسماندگی کے خاتمے کیلئے وفاق سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ آغا حسن ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت سے تحفظات اور خدشات موجود ہیں اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو ہم اپنی راہیں حکومت سے جدا کرتے ہوئے اپوزیشن بینچوں پر بیٹھیں گے۔

شال بلیٹن 6

کوشش کرتے ہیں ہم واضح کرتے ہیں کہ انہیں جتنی تنخواہ مل رہی ہے اتنا ہی کام کرے، عوام کے ووٹوں سے منتخب ارکان اسمبلی کے خلاف بیان بازی تر جمان حکومت بلوچستان کے قد سے اوپر کی بات ہے اپوزیشن جماعتوں نے ہمیشہ صوبے کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے ہم کسی کو صوبے کی عوام کے حقوق پر سودے بازی کی اجازت نہیں دیں گے بلوچستان حکومت میں پسند و ناپسند کی بنیاد پر جو کچھ ہو رہا ہے ہم اس طرح کے غیر آئینی اقدامات کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، بلوچستان نیشنل پارٹی کی تاریخ رہی ہے کہ انہوں نے صوبے کے حقوق، عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ دو ٹوک موقف اپنایا ہے، اپوزیشن نے اپنے حلقوں میں غیر منتخب لوگوں کو نوازنے، حکومت کی عوام دشمنی، کورونا کی آڑ میں کرپشن ہنڈی ول سے زمینداروں کے ہونے والے نقصانات کے ازالے کیلئے احتجاج کیا تھا دوسری جانب حکومتی ترجمان اپنے بیانات کے ذریعے حکام کی ناکامی کو چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں ہم حکومتی ناکامی کو عوام کے سامنے لائیں گے۔ چیئرمین اولی عوامی پارٹی کے پارلیمانی لیڈر نصر اللہ زیرے نے کہا کہ عوام دشمن حکومت اپنی ناکامی کو چھپانے کیلئے ترجمان کے ذریعے اپوزیشن ارکان اسمبلی کے خلاف بیانات کا سہارا لے رہی ہے جو کسی صورت کامیاب نہیں ہوگی ہمیں بلوچستان کے عوام نے منتخب کیا ہے ہم نے الیکشن سے قبل عوام سے وعدے کئے تھے مگر صوبائی حکومت کی جانب سے غیر منتخب لوگوں کو فنڈز سے نوازا جا رہا ہے۔

شال بلیٹن 7

جہاں پہلے سے کل آبادی کا بڑا حصہ غربت کی لکیر سے نیچے کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے وہاں کرونا وائرس کے باعث مجموعی قومی معیشت پر مزید منفی اثرات مرتب ہوتے جا رہے ہیں اس طرح غربت، مہنگائی اور بیروزگاری میں بھی تیز اشا اضافہ اپنی جگہ مسلمہ حقیقت ہے گورنر یاسین زئی نے کہا کہ خدانخواستہ اگر کورونا بیماری کے متاثرین اور بالخصوص اموات کی تعداد میں اسی شرح سے اضافہ ہوتا رہا تو ہم من حیث القوم سنگین مشکلات سے دوچار ہو سکتے ہیں اس ضمن میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ کورونا جیسے عالمی چیلنج سے نبرد آزما ہونے کیلئے عالمی اداروں کی فوری مالی معاونت اور طبی حفاظتی آلات کی فراہمی ہی مددگار ہو سکتے ہیں۔

شال بلیٹن 8

3.7 فیصد کمی کے ساتھ 650 ارب روپے اور صوبوں کا ترقیاتی پروگرام 16 فیصد کمی کے ساتھ 674 ارب روپے تجویز کیا گیا ہے، انسداد کورونا کے لیے 70 ارب روپے کے خصوصی منصوبے بھی اس کا حصہ ہیں، پنجاب کا ترقیاتی بجٹ موجودہ برس کے 350 ارب روپے کے مقابلے میں آئندہ برس کے لیے 337 ارب روپے رکھا گیا ہے جبکہ سندھ نے رواں برس کے 279 ارب روپے کے مقابلے میں 41 فیصد کمی کے ساتھ آئندہ برس کی ترقیاتی اسکیمز کے لیے 165 ارب روپے مختص کیے ہیں، خیبر پختونخوا نے 236 ارب کے موجودہ ترقیاتی بجٹ میں 58 فیصد کمی کر کے 100 ارب روپے مختص کیے ہیں، بلوچستان نے 109 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام میں 31 فیصد کمی کر کے 75 ارب رکھے ہیں، آزاد کشمیر کیلئے 5.24 ارب اور گلگت بلتستان کیلئے 15 ارب کے ترقیاتی پروگرام میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی، آئندہ مالی سال کیلئے جی ڈی پی کا ہدف 1.2 تجویز کیا گیا ہے، جبکہ رواں سال جی ڈی پی گروتھ 3 فیصد ہدف کے مقابلے میں منفی 0.4 رہی ہے، زرعی شعبے کا ہدف 2.8 فیصد، صنعتی شعبے کا ہدف 1.0 فیصد مقرر کرنے کی تجویز جبکہ سروس سیکٹر کا ہدف 6.2 فیصد رکھنے کی تجویز ہے۔

شال بلیٹن 9

سالوں میں وفاق نے بلوچستان کو ہمیشہ نظر انداز کرتا چلا آ رہا ہے تھا لیکن پی اے پی کے قائد، وزیر اعلیٰ کی قیادت میں اس بار وفاقی حکومت نے بلوچستان کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں بھرپور حصہ دیا ہے وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل ترقیاتی منصوبوں سے بلوچستان کے بھرپور استفادہ حاصل کر کے صوبے کی ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے میں مزید بہتری آئی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کے بلا جواز احتجاج، وزیر اعلیٰ جام کمال خان کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے اور پولیس و انتظامیہ سے ہاتھا پائی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بہت آتے ہی اپوزیشن جماعتوں کو عوامی مسائل یاد آ جاتے ہیں اور وہ ریڈ زون میں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے سامنے احتجاج کر کے اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں چونکہ اس وقت کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں کورنا کے عالمی وباء سے نمٹنے کے لیے سرگرم عمل ہیں مگر بدقسمتی سے اپوزیشن میں مستردشدہ پارٹیاں عوام الناس کی زندگیوں کو کورنا سے بچانے کے لیے حکومتی اقدامات میں رکاوٹ بننے اور غیر ضروری بیان بازی کر کے بلوچستان اسمبلی کی اپوزیشن جماعتیں کورنا پر سیاست کر رہی ہے۔

شال بلیٹن 10

ہیٹرز پر مشتمل کیا جائیگا، پاکستان میں الیکٹرک ویہکلز مینوفیکچرر یونٹس بھی قائم ہوں گے۔ وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ پاکستان میں موٹر سائیکل اور تھری وہیلرز کو الیکٹرک وہیکل پر منتقل کرنا چاہتے ہیں، پاکستان دنیا کے چند ممالک میں شامل ہوگا جو ٹرانسپورٹ کو کلی پر منتقل کر سکیں گے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ پاکستان میں الیکٹرک وہیکل مینوفیکچرنگ یونٹس لگانے والوں پر صرف 1 فیصد ڈیوٹی ہوگی، وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی مستقبل میں بیٹریز کے استعمال پر کام کر رہی ہے۔ الیکٹرک وہیکل پالیسی کے لیے وزارت صنعت، ماحولیات اور سائنس و ٹیکنالوجی نے مشترکہ طور پر کام کیا اور اسے گزشتہ روز اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں منظور کیا گیا۔

شال بلیٹن 12

دعوے جھوٹ اور فریب ثابت ہو رہے ہیں۔ حکمران اب بھی اپنی انا کے خول سے باہر نہیں نکلے۔ مدارس کے 35 لاکھ طلبہ کے مستقبل کے حوالے سے ان کے والدین سخت پریشان ہیں اور دینی مدارس کے لاکھوں اساتذہ بے روزگار ہو گئے ہیں۔ ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کی یقین دہانیوں کے باوجود حکومت مدارس کو کھولنے کی اجازت نہیں دے رہی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں جمعیت طلبہ عربیہ کی مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نو منتخب ناظم اعلیٰ شمشیر خان کالامی بھی موجود تھے۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ اس وقت قوم جس کرب میں مبتلا ہے، حکمرانوں کے چہروں پر وہ کرب نظر نہیں آ رہا۔ حکمران بڑے مطمئن ہیں اور ایک ہی رٹ لگائے ہوئے ہیں کہ گھبرانا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے کئی علاقوں سے شدید بارش مریضوں کو پٹرول نہ ہونے کی وجہ سے ہسپتالوں میں نہیں پہنچایا جا سکا۔

شال بلیٹن 13

اور 58 مریضوں کا انتقال ہو چکا ہے۔ بلوچستان کے صوبائی وزیر خزانہ ظہور بلیدی، صوبائی وزیر ریونیو سلیم احمد کھوسو، وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے کیمل عبدالخالق ہزارہ اور تین اراکین اسمبلی نصر اللہ خان زیرے، میر یونس عزیز زہری اور زابد ریکی شامل ہیں۔ جمعیت علماء اسلام ف سے تعلق رکھنے والے کر بلوچستان اسمبلی سید فضل آغا کورونا کے باعث انتقال کر چکے ہیں۔ اسی طرح نواب ثناء اللہ زہری دور حکومت میں صوبائی وزیر صنعت رہنے والے سردار رحمت صابر بھی کورونا کا شکار ہو کر انتقال کر چکے ہیں۔ بلوچستان کے علاقے ڈیرہ بگٹی سے رکن قومی اسمبلی اور جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ نوابزادہ شاہ زین بگٹی بھی اس وائرس کا شکار ہو کر ان دنوں قرنطینہ میں ہیں۔

شال بلیٹن 14

نے وزیر اعلیٰ کے موقف سے اتفاق کرتے ہوئے یقین دلایا کہ گزشتہ سال بلوچستان کے جن منصوبوں کی منظوری ہوا اور وہ پی ایس ڈی پی میں شامل نہ ہو سکے انہیں آئندہ مالی سال کی وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے گا اور بلوچستان کے نئے تجویز کردہ منصوبے بھی وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ ہونگے جنکی منظوری وفاقی بجٹ سیشن میں دے دی جائے گی وزیر اعلیٰ، جام کمال خان نے بلوچستان کے منصوبوں کو وفاقی ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کی یقین دہانی پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔

شال بلیٹن 15

ہو جائے گی، جبکہ خواتین اور بچوں کے سب سے زیادہ متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ وائرس کے باعث دو کروڑ 71 لاکھ افراد کے بیروزگار ہونے کا خدشہ ہے۔ قومی اقتصادی سروے رپورٹ کے مطابق جزوی لاک ڈاؤن میں زرعی اور غیر زرعی شعبے میں 1 کروڑ 55 لاکھ افراد بیروزگار ہونے کا خدشہ ہے، مکمل لاک ڈاؤن کی صورت میں ایک کروڑ 91 لاکھ افراد کی بیروزگار ہو سکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ہول سیل اور ریٹیل ٹریڈ میں زیادہ افراد کے بیروزگار ہونے کا خدشہ ہے، وائرس سے اوورسیز پاکستانیز بیروزگاری سے زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں، سکولوں کالجز کی بندش سے خواتین کے بیروزگار ہونے کا خدشہ ہے۔ اقتصادی سروے کے مطابق کورونا وائرس کے باعث ملک میں خواتین لیبر فورس کم ہو جائے گی، ایف بی آر کی ٹیکس وصولیوں کو دھچکا لگا، بجٹ خسارہ 4.9 فیصد تک پہنچنے کا خدشہ ہے جبکہ مہنگی برآمدات متاثر ہوئی ہیں۔

شال بلیٹن 16

زرداری نے سندھ رورل سپورٹ پروگرام کے لئے یورپین یونین کی جانب سے فنڈز مہیا کرنے کو سراہا جو کہ اس پروگرام کی وجہ سے سندھ کے دیہی علاقوں میں غربت کو کم کرنے میں بہت مدد ملی ہے اور اس پروگرام میں سندھ کے علاقوں کی برابری کو شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے اچھے نتائج حاصل ہو رہے ہیں۔ اور اس قسم کے پروگرام عوام کی زندگیوں میں بہتری لانے کا باعث ہوتے ہیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو نے سندھ اور ملک کے دیگر صوبوں کی فصلوں پر ٹڈی دل کے حملوں سے بھی آگاہی دی اور سندھ حکومت کے اقدامات کے متعلق بتایا۔ یورپین سفیر نے کورونا سے نمٹنے کے لئے سندھ حکومت کی کوششوں کی تعریف کی اور اس کے ساتھ ساتھ پی آئی ایس بی اور سندھ رورل سپورٹ آرگنائزیشن کے کاموں کو بھی سراہا اور امید ظاہر کی کہ سندھ حکومت اپنے بروقت اور مناسب فیصلوں کی وجہ سے کورونا کے پھیلاؤ سے نمٹنے میں کامیاب ہوگی۔

شال بلیٹن 17

پھیلانے کیلئے پمفلٹ تقسیم اور لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے عوام کو آگاہی دینے کیلئے مختلف علاقوں کو گاڑیاں روانہ کرنے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس سے ہمیں ڈرنا نہیں بلکہ لڑنا ہے ہمیں چاہئے کہ احتیاطی تدابیر پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنائیں نزلہ جیسی علامات والے لوگوں سے رابطہ کرنے سے پرہیز کریں کھانسی یا چھینک آنے پر منہ اور ناک کو ٹشو یا آستین کے کپڑے سے دھانپیں اور استعمال شدہ ٹشو کو فوری طور پر ڈھانپے ہوئے کچرے کے ڈبے میں ضائع کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ گندے ہاتھوں سے آنکھوں، ناک اور منہ کو چھونے سے گریز کریں اپنے ہاتھوں کو باقاعدگی سے صابن اور صاف پانی سے دھوئیں یا ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال کریں۔

شال بلیٹن 18

روپے لوٹ لیے اور فرار ہو گئے تاجروں سے ڈکیتی کی چوتھی بڑی واردات کے بعد تاجر برادری میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے جبکہ شہر میں بڑھتی بدامنی چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے باعث شہری عدم تحفظ کا شکار ہو گئے ہیں گزشتہ دس روز میں تاجروں سے 11 لاکھ سے زائد رقم لوٹ لی گئی جبکہ درجنوں چوری کی وارداتیں بھی رونما ہو چکی ہیں۔۔

شال بلیٹن 19

کو سیاہ کاری کے شبہ میں قتل کر دیا جبکہ مقتولہ کے لواحقین نے ملزم مسترد کر دیا ہے پولیس نے لاش اپنی تحویل میں لیکر سول اسپتال ڈیرہ اللہ یار پہنچائی جہاں سے پوسٹ مارٹم کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی پولیس نے ملزم وحید بخش لاشاری پر قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔۔

شال بلیٹن 20

یہ سن کر تعجب ہوا کہ بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن اراکین کی جانب سے فنڈز کے حصول اور پی ایس ڈی پی کے لئے کورونا وائرس جیسی مہلک بیماری کی موجودگی میں احتجاج کیا گیا ہوتا تو یہ چاہیے تھا کہ اپوزیشن کے اراکین بلوچستان کے عوام کے لئے بجلی گیس کی لوڈشیڈنگ، مہنگائی اور بے روزگاری کے خاتمے کے لئے احتجاج کرتے لیکن شاید انہیں پی ایس ڈی پی عوام سے زیادہ عزیز ہے جس کے لئے انہوں نے احتجاج کیا۔

شال بلیٹن 21

حزب اختلاف کی زندگی کو خطرے سے دوچار کرنا شرمناک ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ شہباز شریف کی پہلے سے کمزور صحت کو خطرے میں ڈالا گیا ہے، انکی صحت بارے جانتے ہوئے یہ سب کرنے والوں کو ایک دن جواب دینا ہوگا، اللہ تعالیٰ شہباز شریف کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔

شال بلیٹن 22

کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام بلوچستان نادر گل بزنجو کے خصوصی ہدایات کی روشنی میں پی آر ایس پی مستونگ سمیت بلوچستان کے 25 اضلاع میں کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے اگاہی مہم کے ساتھ ملیریا پروگرام بھی تیزی سے جاری ہے مستونگ میں بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے 42 ہیلتھ فیسلٹی سٹاف کو کووڈ 19 سے بچاؤ کیلئے سینیٹائزر، ماسک و دیگر ضروری اشیا فراہم کئے۔ جبکہ ضلعی انتظامیہ کے چیک پوسٹوں اور آئیسولیشن سینٹرز کیلئے کورونا سے بچاؤ کیلئے مختلف اشیا ماسک سینیٹائزر گلوز اور پریس کلب کے صحافیوں کو بھی ماسک سینیٹائزر فراہم کرنے کے ساتھ ہی آر ایس پی کے ٹیموں نے ضلع کے مختلف علاقوں میں گاڑیوں میں اور مساجد میں لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے عوام کو کورونا وائرس سے بچاؤ اطلاعات کئے گئے۔ انھوں نے کہا کہ بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام مستونگ کے مختلف ہیلتھ سینٹرز میں گزشتہ چار سالوں سے ملیریا پروگرام چلا رہا ہے اور ہیلتھ سینٹرز میں ملیریا کے مریضوں کا فری ٹیسٹ اور فری میڈیسن بھی فراہم کر رہا ہیں۔

شال بلیٹن 23

اطلاع ملنے پر تونسا پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال پہنچا دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ورثہ کے حوالے کر کے مزید کارروائی شروع کر دی ہے۔۔

شال بلیٹن 24

الیب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت کے دور میں سریاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے ہیں سریاب کی مختلف گلیوں میں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کے فنڈ سے صاف پانی کی فراہمی کیلئے واٹر سپلائی اسکیمیں، سیوریج سسٹم، انٹرنیٹ لائنس اور کئی دوسری اسکیمات پر زور شور سے کام جاری ہے اور حکومت نے ان ترقیاتی اسکیموں کو اپنے دور میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کا عزم کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے حکومت سنبھالتے ہی سریاب کو میٹروپولیٹن کارپوریشن میں شامل کیا تاکہ سریاب کے عوام بھی ان سہولتوں سے فائدہ اٹھا سکیں جس سے دوسرے شہری مستفید ہو رہے تھے۔۔

شال بلیٹن 25

اور 9 سالہ بھتیجا جمیل احمد پانی میں نہا رہے تھے کہ اچانک پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے اطلاع ملنے پر علاقہ مکینوں نے بچوں کی لاشوں کو نہر سے نکال کر لواحقین کے حوالے کر دیا مجھو شوری پولیس نے واقعے کے حوالے سے مزید تحقیقات شروع کر دی ہے۔

شال بلیٹن 26

اضلاع میں پہرے کرنے کی ضرورت تھی مگر حکومت اس حوالے سے غافل رہی۔ بدقسمتی سے کرونا لاک ڈاؤن نے معاشی طور پر کمزور بلوچستان کی معیشت تباہ کر دیا رہی سہی کسر ٹڈی دل نے حملے کر کے پوری کرتے ہوئے ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ کر دیا جس کی وجہ سے زمیندار کسان نان شبینہ کے محتاج ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے کسانوں، زمینداروں کو ریلیف نہ دیا تو کسان و زمیندار معاشی طور پر تباہ کر خودسوزی پر مجبور ہوں گے کرونا نے بلوچستان کے کسانوں، زمینداروں اور نجی سکول کے مالکان و اساتذہ کرام کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے اس لیے حکومت بجٹ میں بلوچستان کے زمینداروں کسانوں اور نجی تعلیمی اداروں کیلئے خصوصی فنڈز مختص کریں۔ بدقسمتی سے حکومتی اقدامات پہلے تو نہ ہونے کے برابر تھے مگر اب بہت دیر کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں پہرے شروع کر دیا بہرحال صوبائی حکومت بیلی کاپٹر سے پہرے جاری کرتے ہوئے زمینداروں کسانوں کی مالی امداد بھی کریں تاکہ بلوچستان کے زمیندار، کسان و زراعت کو تباہی سے بچا جا سکیں۔ جماعت اسلامی نے ٹڈی دل کی تباہی کے حوالے سے سینٹ میں بھی آواز بلند کی آئندہ بھی بلوچستان کے مسائل کو اجاگر اور حل کیلئے پارلیمنٹ میں آواز بلند کرتی رہیگی۔

شال بلیٹن 27

وائرس میں مثبت مریضوں کی کیسوں کی تعداد میں 100 سو ہو گئی اور مشتبہ مریضوں کی تعداد جو کہ 144 کو جا پہنچی اس شہر آنے کے بعد علاقے میں ایک خوف طاری گئی اور انتظامیہ اور محکمہ صحت کو پریشانی کا سامنا ہے لوگوں کو احتیاط کی اپیل کی گئی ہے۔

شال بلیٹن 28

کر لیا۔ ڈی ایس پی شالکوٹ سرکل آصف ظفر نے بتایا کہ ایس ایس پی سریاب ضیاء الحکومی کی ہدایت پر تھانہ نیو سریاب نے کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ 6 موٹر سائیکلیں برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ دوسری کارروائی کے دوران سریاب کسٹم چوک پر آئیل ٹینکر حادثے کے مفرور ملزم محمد اسلم کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی۔

شال بلیٹن 29

ایک زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق پنجگور کے رہائشی ظفر، نثار اور اشتشام موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ زمباد گاڑی نے ان کی موٹر سائیکل کو ٹکر مار دیا جس کے نتیجے میں ظفر اور نثار جان بحق ہو گئے جبکہ اشتشام نامی شخص زخمی ہو گیا حادثے کے فوری بعد پولیس نے جان بحق افراد کی میتوں اور زخمی کو اسپتال پہنچایا اور زمباد گاڑی کو قبضے میں لے لیا۔

شال بلیٹن 30

مقامی لوگوں کی اطلاع پر تھانہ نیٹل خارم کی پولیس نے کیڈٹ کالج کے قریب نہر سے پینتالیس سالہ خاتون کی لاش برآمد کر کے سول اسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کر دی جہاں پوسٹ مارٹم میں خاتون کو دو گولیاں مار کر قتل کرنے کی تصدیق ہوئی ہے تاہم خاتون کی شناخت نہ ہونے پر پولیس نے لاش سرد خانے میں رکھوا دی ہے۔

شال بلیٹن 31

کدیزئی جو کہ چار دنوں سے اپنے گھر سے لاپتہ تھے اہل علاقہ کے لوگوں نے دن رات کوششوں

بلوچستان کو دیگر صوبوں کے برابر لانے کیلئے توجہ کی ضرورت ہے، انوار کاکڑ

موجودہ حکومت بلوچستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی فلاح وبہبود کے منصوبوں کو عملی جامعہ پہنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے

وزیراعظم نے تعیین دہانی کرائی ہے فیڈرل پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کو کٹ نہیں لگائی جائے گی، بلوچستان عوامی پارٹی

لورالائی کمشنر ڈویژن ارجمن کیل الرحمن بلوچ کو کمیشنر پی ایڈا آر شاہ ولی محمد ٹیل زرعی تحقیقی لیبز ڈائریکٹر اور پراپیشن آفس والے رہنمائی دے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر انور الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی جانب سے واضح طور پر تعیین دہانی کروائی گئی ہے کہ فیڈرل پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کو کٹ نہیں لگائی جائے گی بلکہ تمام منصوبے شامل کئے جائینگے موجودہ حکومت بلوچستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی فلاح وبہبود کے منصوبوں کو عملی جامعہ پہنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے ان خیالات کا اظہار انور الحق کاکڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا ہے کہ موجودہ حکومت بلوچستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی فلاح وبہبود کے منصوبوں کو عملی جامعہ پہنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے موجودہ حکومت کی کوشش ہے کہ بلوچستان کو ترقی دیکر پاکستان کے دیگر صوبوں کے برابر لایا جائے وزیراعظم عمران خان کی جانب سے واضح طور تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

میڈیا انڈسٹری کے مسائل کے حل کیلئے تمام تنظیموں کی حمایت خوش آئند ہے، ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے سیکرٹری اطلاعات کو مقامی اخبارات کیلئے خصوصی ڈیلے اشتہارات کے اجراء کیلئے ہدایت خوش آئند ہے

مقامی اخبارات کو درپیش مسائل کے حل تک اپنے موقف سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے، ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان

کوئٹہ (پ ر) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا اجلاس روزنامہ صحافت کوئٹہ کے دفتر میں کمیٹی کے چیئرمین حاجی عبدالغفار لانگو کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین حاجی عبدالغفار لانگو مقامی اخبارات کو درپیش مسائل کے حل کے سلسلے میں صدر پریس کلب کوئٹہ، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس، پی ایف یو جے کے صدر، انجمن اخبار فروشان بلوچستان کے عہدیداروں سے ملاقاتوں اور پیشرفت بارے تفصیلی آگاہ کیا۔ اجلاس نے ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے مطالبات تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر میر سرفراز بگٹی کے ساتھیوں کی فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر میر سرفراز بگٹی کے ساتھیوں کی فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے، جمعرات کے روز صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، پاکستان تحریک انصاف کے رکن صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

خدارا اپوزیشن اپنی سیاست کیلئے عوام کی زندگیوں سے نہ کھیلے، شبلی فراز

خواجہ آصف کی تقریر کرونا وبا کی وجہ سے مخطے اور عالمی سطح پر درپیش حالات سے مکمل لاعلمی کا مظہر ہے

خواجہ آصف کا بیان تضادات کا مجموعہ اور حقائق کو مسخ کرنے کی کوشش ہے، عمران خان تمام چیلنجز سے بخوبی نمٹ رہے ہیں، بیان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ خدارا اپوزیشن اپنی سیاست کیلئے عوام کی زندگیوں سے نہ کھیلے، خواجہ آصف کا بیان تضادات کا مجموعہ اور حقائق کو مسخ کرنے کی کوشش ہے، وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں تمام چیلنجز سے بخوبی نمٹ رہے ہیں۔ جمعرات کے روز وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ خواجہ آصف کی تقریر کرونا وبا کی وجہ سے مخطے اور عالمی سطح پر درپیش حالات تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری بدل شاہ کاکڑ اور شہباز شریف کی گرفتاری کا ایک سال مکمل ہونے پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں، میر فتح علی خان کھوسہ

ترقیاتی کاموں میں کمیشن لینے کے الزامات کو مسترد کرتے ہیں، بی اے پی صحبت پور

تیرین (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر میر فتح علی خان کھوسہ جنرل سیکرٹری میر سرفراز خان کھوسہ گولا اتحاد کے صدر فیصل خان گولا نے کھوسہ ہاؤس صحبت پور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں دو سالہ مختصر دور دوت میں ضلع بھر میں 61 کلومیٹر روڈ تعمیر کروائے اربوں روپوں کا صحبت پور تو کشمور روڈ پر جاری ہے ضلع کیپٹلیکس کے لیے 80 کمروں پر مشتمل اسکیمات کا ٹینڈر ہو چکا ہے جس کے لیے میر سلیم خان کھوسہ نے آخر ایکڑ زرعی زمین بھی دی ہے پی ایچ ای کی کروڑوں کی اسکیمات ایریگیشن تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

ہسپتالوں میں موجود کورونا وائرس کے مریضوں کو کوئی ریلیف نہیں دیا جارہا، بی ایس او پجار

بلوچستان حکومت کورونا وائرس کے پیش نظر کوئی بھی بہتر فیصلے نہیں کرسکی جو کہ اسکی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے

کوئٹہ (پ ر) بی ایس او پجار کے مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن نعیم بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کورونا وائرس کے پیش نظر کوئی بھی بہتر فیصلے نہیں کرسکی جو کہ اسکی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کا نظام بالکل تباہ ہے ہسپتالوں میں موجود کورونا وائرس کے مریضوں کو کوئی ریلیف نہیں دیا جارہا مریضوں کی دیکھ بھال اور انکو ریلیف دینے کے لیے ہسپتالوں میں کوئی خاص اقدامات نظر نہیں آرہے جس سے مریضوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں اکثریت کورونا وائرس کے مریضوں کی اپنے گھروں میں آئسولیٹ تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر غلام حسین بھنگر اور تحصیلدار بہادر خان کھوسہ غیر قانونی واٹر کورسز کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

چیئرمین منظور بلوچ کی رحلت سے ناقابل تلافی نقصان ہوا، سردارزادہ میرزاہد خان لہڑی

مچھ (نامہ نگار) چیئرمین منظور بلوچ کی رحلت سے ناقابل تلافی نقصان ہوا مرحوم ایک خیر خواہ اور عوامی ورکر تھے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام جوہان کے سرپرست اعلیٰ تفصیل نمبر 67 صفحہ 3 پر

ایس او پیز کے تحت مدارس اور دیگر تعلیمی ادارے کھول دینے چاہئیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

ریاست کوئٹہ میں ہونے والے اہل مدارس کے اجلاس کے اعلامیہ کو تسلیم کرے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سرپرست مولانا قاری مہراللہ، شیخ مولانا احمد جان، مفتی محمد روزی خان، مولانا حافظ عبدالحق حقانی، مولانا حکیم حبیب اللہ، مولانا اشرف جان، مفتی غلام نبی محمدی، مفتی رحمت اللہ، حافظ سراج الدین، حافظ تفصیل نمبر 68 صفحہ 3 پر

لاپتہ افراد کا مسئلہ ملک کا سنگین ترین مسئلہ بنتا جارہا ہے، جان محمد بلیدی

ملکی تاریخ میں سیاسی کارکنوں اور نوجوانوں پر اس قدر تشدد نہیں ہوا حالیہ دور نے ایوبی مارشل لا کو بھی شرمندہ کردیا ہے

ریاست کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ادریس خٹک سمیت تمام لاپتہ افراد کو فوری طور پر بازیاب کرنا چاہئے، مرکزی سیکریٹری جنرل نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل جان محمد بلیدی نے کہا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ ملک کا سنگین ترین مسئلہ بنتا جارہا ہے ملکی تاریخ میں سیاسی کارکنوں اور نوجوانوں پر اس قدر تشدد نہیں ہوا حالیہ دور نے ایوبی مارشل لا کو بھی شرمندہ کردیا ہے اور ادریس خٹک جیسے جمہوریت پسند پرامن سیاسی کارکن کو 112 دن ہونے ہیں کہ ملک کے سیکورٹی کے ادارے اٹھا کر لے گئے ہیں خاندان سمیت کسی کو بھی ان تک رسائی نہیں دی جارہی ہے جو اس تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

کیسکو کی جانب سے عوام پر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ مسلط کردی گئی ہے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

جون کی گرمی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج میں بجلی کی فراہمی ناقابل قبول ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ شہر واطراف میں بجلی کی غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ میں مزید اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ کیسکو کی جانب سے عوام پر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ مسلط کردی گئی ہے اور اس عوام دشمن اقدام کے باعث شدید گرمی میں عوام کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ جون کی گرمی میں بجلی تفصیل نمبر 66 صفحہ 3 پر

مسلمانوں کی تاریخ ایثار وقربانی کے واقعات سے بھری پڑی ہوئی ہے، مولانا قاری مہراللہ

اسلام کے سربلندی کے لیے شہادتیں اور قید وبند کی صعوبتیں رائیگاں نہیں جائینگی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کیا میر مولانا قاری مہراللہ حاجی محمد ہاشم کے شہادت پر تعزیتی اجتماع اور سردار دلی کے رہائی پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کی تاریخ ایثار وقربانی کے واقعات سے بھری پڑی ہوئی ہے۔ اسلام کے سربلندی کے لیے شہادتیں اور قید وبند کی صعوبتیں رائیگاں نہیں جائینگی اور جدوجہد کی راستے میں آنے والے مصائب وتکالیف پر صبر واستقامت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

اقتدار سے دوری اپوزیشن اراکین کو ستا رہی ہیں، حاجی میر غلام دستگیر بادینی

قومیت اور مذہب کی آڑ لیکر ووٹ لینے کی کوشش کرنے والوں کی سیاست بند گلی میں پھنس گئی ہے

تونسہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان اپوزیشن اراکین کی سیاست وسیاسی تربیت اخلاقیات سے باری ہوئی اور غیر سنجیدہ ہیں جو عوامی مفادات کی بجائے ذاتی مفادات حاصل کرنے کے لیے بلیک میلنگ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اقتدار سے دوری اپوزیشن اراکین کو ستا رہی ہیں قومیت اور تفصیل نمبر 70 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس نے پاکستان سمیت 200 ممالک کو اپنے نرغے میں جکڑ رکھا ہے، عرض محمد عمرانی

کورونا وائرس کے مریضوں میں روز بروز اضافہ ہونے کی وجہ سے وفاقی حکومت خوفناکی ایس او پیز جاری کیے ہیں

تمہر (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف نصیر آباد کے ضلعی صدر ڈیرہ عرض محمد عمرانی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے صوبائی صدر وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے وزارت کا چارج سنبھالتے ہی تعلیم کی بہتری کے لئے دن رات کام کر کے تعلیمی پسماندگی کے خاتمے کے لئے کام کیا ہے گرلز کالج ڈیرہ مراد جمالی کے طالبات کو کالج آنے اور جانے کے لئے بس فراہم کر کے گرلز کالج کے طالبات کے دل جیت لئے ہیں۔

جمعیت علمائے اسلام سریاب کسٹم کے متاثرین کو کسی صورت میں تنہا نہیں چھوڑیں گے، جمعیت علما اسلام

شہر کے تمام کاروباری مراکز اور منڈی ہزار گنجی میں واقع ہیں لہٰذا حکومت وقت ضرور اس حوالے سے اقدام کرے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کے ترجمان نے میڈیا کو جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا کہ جمعیت علمائے اسلام سریاب کسٹم کے متاثرین کو کسی صورت میں تنہا نہیں چھوڑیں گے صوبائی حکومت فی الفور سریاب کسٹم کے متاثرین کے ہونے والے نقصانات کا ازالہ کر کے متاثرین کے لئے ایک خصوصی پیکیج کا اعلان کرے اعلان صرف صرف میڈیا تک محدود نہ ہو انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہزار گنجی فائر بریگیڈ اسٹیشن فعال بنایا جائے گزشتہ روز تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

تعلیمی اداروں کے کھولنے کا اعلان کیا جائے طلبا کے سال کو ضائع نہ کرے، مولانا عبدالقادر لونی

حکومت کے دوہرے رویوں اور امتیازی پالیسیوں کی وجہ سے مسائل اور مشکلات پیدا ہو رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی کنوینر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے کھولنے کا اعلان کیا جائے طلبا کے سال کو ضائع نہ کرے حکومت کے دوہرے رویوں اور امتیازی پالیسیوں کی وجہ سے مسائل اور مشکلات پیدا ہو رہے ہیں اگر بازاریں کھل سکتے ہیں اور ماتمی جلوس نکل سکتے ہیں تو تعلیمی ادارے کیوں نہیں کھولے جاسکتے باوجودیکہ بازاروں تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے تعمیراتی کاموں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، سہیل الرحمن بلوچ

تعمیراتی منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کریں گے، کام سرکار میں مداخلت کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی

لورالائی (خ ن) کمشنر ڈویژن ڈویژن سہیل ارجمن بلوچ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے تعمیراتی کاموں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار کمشنر ڈویژن ڈویژن نے زیر تعمیر لیویز لائن اور زیر تعمیر پولیشن ویلفیئر آفس کے معائنہ کے موقع پر کئی اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر لی ایڈوکیٹ محمد شاہ ولی محمد ٹیل، ایس ڈی او محمد انور، ڈویلپمنٹ آفیسر اللہ دتہ، محکمہ انفارمیشن محمود بلوچ، دیگر متعلقہ آفیسران تھے۔ کمشنر ڈویژن تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر کھیل سیاحت وثقافت عبدالخالق ہزارہ کا کورونا ٹیسٹ پازیٹو آیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر کھیل سیاحت و ثقافت عبدالخالق ہزارہ کا کورونا ٹیسٹ نگیٹو آنے کے بعد کراچی سے واپس تھی ہسپتال سے ڈسچارج کردیا گیا ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے آرگنائزنگ سیکرٹری رضا وکیل کے مطابق گزشتہ دنوں ایچ ڈی پی کے چیئرمین وصوبائی مشیر کھیل سیاحت و تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

صوبے کی 60 فیصد اراضی ہموار نہ ہونے کی وجہ سے ناکارہ پڑی ہے، ملک محمد رفیق سیلاچی

بلڈوزر ہارورز کی تقسیم کو ہر صورت منصفانہ بنایا جائے گا، زمینداروں کی حق تلفی ہونے نہیں دیں گے

سبی (خ ن) ڈائریکٹر جنرل زرعی انجینئرنگ بلوچستان ملک محمد رفیق سیلاچی نے کہا ہے کہ صوبے میں ناہموار اراضی کو ہموار بنا کر اسے قابل کاشت بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے صوبے کی 60 فیصد اراضی ہموار نہ ہونے کی وجہ سے ناکارہ پڑی تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

مرحوم جام محمد یوسف کے بارے میں نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں، محمد اسلم بھوتانی

سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن ہمارے قبائلی معاشرے میں بڑوں کا احترام ملحوظ خاطر رکھا جائے تو ایک بہتر روایت ہوگی

حب (آن لائن) رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے گزشتہ روز کوئٹہ میں اپوزیشن رہنما اختر حسین لانگو کی جانب سے مرحوم جام محمد یوسف کے بارے میں نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن ہمارے قبائلی معاشرے میں تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

کچلاک سابق وزیر خزانہ میر خالد لانگو اور خان حیات خان سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

گڑھی خیرو پولیس نے لاک ڈاؤن کو کاروبار بنا دیا

ایس او پیز پر عمل کا بہانا بنا کر شہریوں کی تذلیل اور ناجائز تنگ کرنا معمول بن گیا

گڑھی خیرو (نامہ نگار) گڑھی خیرو پولیس نے لاک ڈاؤن کو کاروبار بنا دیا، ایس او پیز پر عمل کا بہانا بنا کر شہریوں کی تذلیل اور ناجائز تنگ کرنا معمول بن گیا، شہریوں اور صحافیوں کا جرائم پیشہ پولیس اہلکاروں کے خلاف احتجاج، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ، رپورٹ کے مطابق گڑھی خیرو کے چند اہلکاروں نے لاک ڈاؤن کو کمائی کا ذریعہ بنا دیا، ایس او پیز کا بہانا بنا کر دکانداروں سے مبینہ طور پر بھتہ لینے لگے نہ دینے پر تھانے لیجا کر لیس دین کے بعد چھوڑ دیتے ہیں، گڑھی خیرو پولیس کی جانب تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

مشیات کے اڈے نوجوان نسل کی تباہی کا مرکز بن چکے ہیں، ہندو پنچایت کچھی برادری

ہندو پنچایت خضدار کورونا وائرس کی وجہ سے کاروبار ٹرانسپورٹ بازار، ہوٹل وغیرہ احتیاطی تدابیر کے پیش نظر بند ہیں

خضدار (نامہ نگار) ہندو پنچایت کچھی برادری نے کہا ہے کہ مشیات کے خلاف خضدار تا کوئٹہ لانگ مارچ کے باوجود تاحال بدستور مشیات کے اڈے نوجوان نسل کی تباہی کا مرکز بن چکے ہیں۔ کرپال داس ترجمان ہندو پنچایت خضدار کورونا وائرس کی وجہ سے کاروبار ٹرانسپورٹ، بازار، ہوٹل وغیرہ احتیاطی تدابیر کے پیش نظر بند ہیں۔ جبکہ دوسری طرف شراب خانہ اور مشیات کے اڈے تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں پٹرول بحران کا شدت برقرار رہا

پٹرول کے حصول کیلئے شہری در بدر پھرتے رہے حکومتی احکامات کے باوجود پٹرولیم مصنوعات کی بحالی شروع نہ ہوسکی

کسی بھی معاملے پر حکومت کی گرفت نظر نہیں آرہی جس کی وجہ سے شہریوں کیلئے آئے روز کوئی نہ کوئی بحران سر اٹھا لیتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے دیگر علاقوں میں گیارہویں روز بھی پٹرول بحران کا شدت برقرار رہا، پٹرول کے حصول کیلئے شہری در بدر پھرتے رہے حکومتی احکامات کے باوجود پٹرولیم مصنوعات کی بحالی شروع نہ ہوسکی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 30 فیصد پٹرول پمپس پر پاکستان اسٹیٹ آئل کی جانب سے پٹرول فراہم کی جارہی ہے جبکہ دیگر پرائیویٹ کمپنیوں کے پٹرول فروخت کرنے والے پمپس بند ہیں پٹرول کی عدم دستیابی کی وجہ سے اکثر پٹرول پمپ مالکان نے اپنے دفاتر کو تالے لگا کر صرف گن مین پٹرول پمپس کی نگرانی کیلئے تعینات کردیے ہیں جبکہ کئی تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

آوارہ کتوں کی وجہ سے شہریوں کی زندگی خطرے میں

مستونگ (نامہ نگار) آوارہ کتوں کی وجہ سے شہریوں کی زندگی خطرے میں۔ عزیز آباد نمبر 1، گرلز انٹر کالج روڈ پشت نوروز نگال اسٹیڈیم کی میدانوں سمیت قبرستان کے آس پاس گروہوں میں آوارہ کتوں کی بہتات۔ علاقہ مکینوں کا ڈپٹی کمشنر مستونگ اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کی طرف سے شہید کانسٹیبل عبدالفاروق بگٹی کی بیوہ کو چالیس لاکھ کا چیک ان کے حوالے کیا

تیرین (نامہ نگار) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کی طرف سے ایس ایس پی صحبت پور سردار حسن خان موسیٰ خیل نے اپنے آفس میں شہید کانسٹیبل عبدالفاروق بگٹی کی بیوہ کو چالیس لاکھ کا چیک گواہان کی موجودگی میں حوالے تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر

چمن میں ہوائی فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے، اندھی گولی لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے

چمن (آن لائن) چمن میں ہوائی فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے، اندھی گولی لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چمن اور آس پاس میں ہوائی فائرنگ کو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہوائی فائرنگ کو قابو میں نہیں لایا جاسکا اندھی گولی لگنے سے ایک شخص سیف اللہ ہلاک ہوگیا ہے ہلاک ہونے والا شخص سیف اللہ گلدارہ بازار کا باشی بتایا جارہا ہے۔

ناملوم مسلح افراد کے ہاتھوں نوجوان قتل، شہر میں گولیاں مار کر قتل

گڑھی خیرو (نامہ نگار) نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں نوجوان قتل، شہر میں گولیاں مار کر قتل، رپورٹ کے مطابق تھانہ گڑھی خیرو کے حدود گڑھی خیرو شہر کے بیچوں بیچ دوہ دینا کہ چوک کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے راہ تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

پٹ فیڈر کیتال کی ذیلی شاخوں کی ٹیل تک زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کے عمل کو یقینی بنایا گیا ہے، حافظ محمد قاسم کاکڑ

نصیر آباد ضلعی انتظامیہ ٹیل کے زمینداروں کو ان کے حصے کا پانی فراہم کرنے کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑے گی

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا ہے کہ پٹ فیڈر کیتال کی ذیلی شاخوں کی ٹیل تک زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کے عمل کو یقینی بنایا گیا ہے نصیر آباد ضلعی انتظامیہ ٹیل کے زمینداروں کو ان کے حصے کا پانی فراہم کرنے کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑے گی پانی کی منصفانہ تقسیم میں کسی قسم کی زیادتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اس کے لئے تمام تر اقدامات کو حتمی شکل دے تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

چراغ تلے اندھیرا۔ میونسپل کمیٹی اوتھل آفس سے منسلک ریونیو کالونی میں گندگی کے ڈھیر

کھلے مین ہولز، سورج ڈھلتے ہی اندھیرے کا راج، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نوٹس لیں

اوتھل (نامہ نگار) چراغ تلے اندھیرا۔ میونسپل کمیٹی اوتھل آفس سے منسلک ریونیو کالونی میں گندگی کے ڈھیر، کھلے مین ہولز، سورج ڈھلتے ہی اندھیرے کا راج، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نوٹس لیں۔ تفصیلات کے مطابق ریونیو کالونی اوتھل جو کہ میونسپل کمیٹی اوتھل کے آفس سے منسلک ہے۔ لیکن یہاں صفائی ستھرائی کا نظام بالکل درہم برہم ہے۔ اہلیان محلہ کا کہنا ہے کہ یہاں پر جو سیوریج کے لیے مین ہولز لگائے گئے جن کے ڈھکن کو ٹوٹے ہوئے عرصہ بیت گیا ہے۔ اس میں گر کر کئی بچے اور دیگر لوگ زخمی ہو چکے ہیں میونسپل کمیٹی اوتھل کو اہلیان ریونیو کالونی نے متعدد بار یاددہانی بھی کرائی لیکن اب تک مین ہولز کے ڈھکن نہیں لگائے گئے۔ یہ کھلے مین ہول کسی بڑے سانحہ کا سبب بن سکتے ہیں۔ اور تقریباً پانچ چھ گھنٹوں سے ان تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

سردار اختر جان مینگل وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے معافی مانگیں، سردار غلام فاروق شیخ

اختر حسین لانگو، ملک نصیر شاہوانی کا رویہ انکی یہ حرکت بلوچی روایات کے بالکل برعکس تھی

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما و چیف آرگنائزر سردار غلام فاروق شیخ، سردار رسول بخش بزدار، سردار کامران لاسی، سردار رحمت اللہ خاصخیلی، غلام محمد عرف گلو جاموٹ، حاجی حسین جاموٹ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان مرحوم جام میر محمد یوسف کے خلاف اپوزیشن اراکین نے جو نازیبا الفاظ استعمال کیے انکی ہم پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان تفصیل نمبر 53 صفحہ 3 پر

تمام ضلع کے ڈپٹی کمشنرز صوبائی حکومت لوکل اور ڈومیسائل کے تصدیق کا عمل جلد از جلد مکمل کریں، محمد اقبال

جعلی ڈومیسائل اور لوکل حاصل کرنے کا عمل مکمل طور پر رک جائے، محمد حسنی علی رودینی

منگچر (نامہ نگار) بلوچستان میں جعلی لوکل اور ڈومیسائل کے مسئلے پر سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی کو ایوان بالا میں آواز اٹھانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں اب ضلعی ڈپٹی کمشنرز سے مطالبہ ہے کہ وہ جلد از جلد لوکل اور ڈومیسائل کی تصدیق کا عمل مکمل کریں ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی ضلع قلات کے ضلعی آرگنائزر میر عبدالستار رودینی ڈپٹی آرگنائزر محمد اقبال محمد حسنی علی رودینی نے اپنے جاری تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

پولیس انتظامیہ کا بے ایمانہ رویہ، ڈبل سواری کی نام پر غریب لوگوں کو پولیس تھانہ منتقل کیا گیا

مستونگ (نامہ نگار) پولیس انتظامیہ کا بے ایمانہ رویہ۔ ڈبل سواری کی نام پر شہر اور شہر کے باہر کے چند غریب لوگوں کو پولیس تھانہ منتقل کیا گیا۔ جب کہ کئی ٹرپل سواری اور ڈبل سوار مسافر اور عیاش افراد بااثر لوگ دن بھر مستونگ تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

شہر میں جاری اسکیمات کے معیاری اور میرٹ کے مطابق مکمل ہونا اولین ترجیح ہے، خلیل احمد بلوچ

حکومت اپنی ترجیحات کے مطابق خضدار میں مختلف محکموں کے تحت خطیر رقم مہیا کرچکی ہے اور اس رقم کو یہاں خرچ ہونا ہے

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار خلیل احمد بلوچ نے کہا ہے کہ خضدار ضلع ایک اہم مرکز اور مستقبل میں بلوچستان کے لئے تجارتی وکاروباری لحاظ سے اہمیت کا حامل شہر اور ڈسٹرکٹ بنتا جارہا ہے مناسب محل وقوع، آمدورفت کے لئے اچھی گزرگاہ، اور بہت ساری خصوصیات اس شہر کے ساتھ منسلک ہیں۔ یہ شہر مزید ترقی کرے اور یہاں کے عوام کو کاروبار کے مزید مواقع میسر آئیں گے، حکومت اپنی ترجیحات کے مطابق خضدار میں مختلف محکموں کے تحت خطیر رقم مہیا کرچکی ہے اور اس رقم کو یہاں خرچ ہونا ہے۔

پی ایس او پیپ اوستا محمد کو پٹرول کی فراہمی میں اہم کردار ادا کیا ہے، ماجد حسین عمرانی

اوستا محمد (نامہ نگار) سیاسی وسماجی رہنما ماجد حسین عمرانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہم سہیل احمد بھٹی ڈی ایم پی ایس او سکھر ریجن کے شکر گزار ہیں جنہوں نے پی ایس او پٹرول پمپ کو بروقت تیل فراہم کرتے آرہے ہیں جس کی وجہ پورے شہر اوستا محمد میں پٹرول کی سپلائی سے عوام کو درپیش مسائل حل ہو رہے ہیں اوستا محمد کے شہریوں نے بھی پی ایس او پیپ کی جانب سے پٹرول فراہم کرنے کے اس عمل کو خوب سراہا اور امید ظاہر کی مستقبل کی طرح تفصیل نمبر 65 صفحہ 3 پر

عمران خان کی ترجیحات اور اصلاحات کا محور عوام ہیں، اشفاق ظفر

وہ عوام کا معیار زندگی بلند کرنے اور انہیں جدید سہولیات سمیت ض